# تجلیاتِ جعفر

آئمہ معصومینؑ کا پاکیزہ علم

مُصنف: بابر سُلطان قادری

مکتبہ روحانی
کاشانۂ زنجانی 125 ڈی۔ گلبرگ 2
آئینۂ قسمت نزد مین مارکیٹ۔ لاہور۔ کوڈ 54660

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

# تجلیاتِ جعفر

مُصنف

بابر سلطان القادری

[redacted]

قیمت [redacted] روپے

مکتبہ آئینۂ قسمت کاشانۂ زنجانی۔ ۱۲۵۔ ڈی۔ گلبرگ ۲۔
نزد مین مارکیٹ۔ لاہور

# جفارِ باکمال

لوگ مجھے بابائے جفر کہتے ہیں مگر میں اس نوعمر نوجوان جناب بابر سلطان القادری کی علمی رفعت سے اس قدر متاثر ہوں کہ خود ان سے تلمذ کا شرف حاصل ہونے پر فخر کرتا ہوں اور ان کی علمی رفعت کو سلام کرتا ہوں۔ میں یقین کرتا ہوں کہ اس جفار باکمال کا علم آئندہ نسلوں کو علم سے روشناس کرائے گا۔ یہ دعا دل کی گہرائیوں سے دیتا ہوں اور ان کی اس کتاب "تجلیاتِ جفر" کو دیکھنے کے بعد یہ چند الفاظ بے اختیار ہو کر لکھنے کو دل چاہا سو لکھ دیئے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ:

؎ بزرگی باعقل است نہ بہ سال
توانگری بہ دل است نہ بہ مال

ناچیز
علامہ شاد گیلانی۔ شورکوٹ شہر

# اظہارِ خیال

پیر و مرشد قبلہ جناب بابر سلطان القادری مدظلہٗ کے نام نامی اسم گرامی سے کون صاحب علم واقف نہیں ہے۔ پیر و مرشد نے یہ کتاب لکھ کر طالبان علم جفر پر احسان عظیم فرمایا ہے میں امید کرتا ہوں کہ مجھ جیسے بہت سے لوگ اس علم سے آشنا ہوں گے جسے متقدمین قبروں میں لے گئے۔ یہ کتاب حقیقت میں آپ کو اصل علم جفر تک پہنچانے کا موجب بنے گی۔ والسلام۔

کمترین احقر
لیاقت اللہ قریشی الہاشمی۔ کراچی



# علمِ جفر

جناب بابر سلطان القادری زاد عزتکم حقیقتاً اس تعریف و توصیف کے مستحق ہیں جس کا متقدمین میں سے کوئی بڑے سے بڑا جفار مستحق ہو سکتا ہے یہ میرے عزیز ترین دوست ہیں اور اُن دنوں کے دوست ہیں جب میں نے ابھی نیا نیا اس علم میں قدم رکھا تھا۔

اس کتاب کو شائع کرواتے وقت میں انتہائی مسرت محسوس کر رہا ہوں کہ اللہ کریم نے اس علمِ عظیم کی اشاعت کا سہرا میرے سر باندھا ہے۔ یقیناً یہ کتاب اس علم کا صحیفہ ثابت ہو گی۔

والسلام
**سیّد انتظار حسین زنجانی**
ادارہ آئینہ قسمت۔ لاہور

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

کتاب : تجلیاتِ جفر
ناشر : مکتبہ آئینہ قسمت۔ کاشانۂ زنجانی ۱۲۵ ڈی گلبرگ ۲ نزد مین مارکیٹ۔ لاہور۔
مطبع : شاف پرنٹرز۔ ایبک روڈ۔ لاہور۔

farukhan

# بابر سلطان

بابر سلطان اک نوخیز نوجوان جفار ہے۔ اس کے علم میں وہ بانکپن ہے۔ جو اڑتے پرندوں کی ڈاروں میں ہوتا ہے۔

چوبیس پچیس سال کی عمر میں دنیا کا ایک منتخب عالم بن جانا اک حیرت انگیز بات ہے۔ اور یہ صرف عطائے وہبی ہے۔ اکتسابی صورت نہیں ہے بلکہ وہبی کیفیت ہے۔

یہ نوجوان جفار اس آن بان سے ماہر جفر ہے کہ ہم جیسے کہنہ مشق طالبان علم کو بھی رشک آنے لگا ہے۔

بابر سلطان کا یہ علمی ارتقا مجھے اس بات کی دلالت کرتا ہے۔ کہ اسے اور اس کے علم کو تائید ایزدی حاصل ہے۔ ابھرتے سورج کی کرنوں کی طرح روشن "دماغ جفار" علم سے کرکٹ کھیل رہا ہے دنیا مجھے بابا تے جفر کہتی ہے مگر بابر سلطان اس رفعت علم پر عمل پیرا ہے۔ جہاں میرے بھی تخیل علمی کے پر جلنے لگتے ہیں۔

جفر اس قدر مشکل موضوع ہے۔ جس کے سمجھے پر بڑے بڑے حسابدانوں کے چھکے چھوٹ جاتے ہیں۔ میرے پاس علم جفر پڑھنے کے لئے پڑھے لکھے لوگوں نے محنت کی ہے۔ اور بعض مواقع ایسے بھی آئے جہاں حساب پیچھے رہ جاتا ہے اور صرف وہب کی کیفیت استعمال ہوتی ہے۔ اور اس امر میں یہ بلند تعلیم یافتہ لوگ جفر سے دستبردار ہو جاتے ہیں۔ مگر حیرت و استعجاب



کا مقام یہ ہے کہ بابر سلطان جفر کے ایسے سینکڑوں امور پر مہارت تامہ رکھتا ہے جہاں ذہن کام نہیں دے سکتا۔ اس نوجوان ذہن پر اللہ کی رحمت ہے۔ کہ اس قدر اس مشکل علم پر مہارت تامہ اور عبور کاملہ رکھتا ہے۔ کہ خود علم جفر کو اس پر ناز ہے۔

آپ زیر نظر کتاب میں ایسے بیسوں مقامات سے گزریں گے۔ جن کے اخفاء کے لیے علمائے متقدمین نے عذاب اور تباہی کا خوف دلایا ہے۔ مگر علم کے حصول میں عذاب اور خوف کا یہ لفظ صرف بخل اور اخفائے راز کے لئے تھا۔ ورنہ حصول علم میں تو رحمت ہی رحمت ہے ایسے بیسوں مراحل آپ کو حل شدہ ملیں گے۔ جو علمائے متقدمین اپنی قبروں میں لے گئے بابر سلطان نے گویا قبروں میں دفن نکال کر عام کر دیا ہے۔ اتنی بڑی قربانی کرنا صرف بابر سلطان اور مجھ حقیر شاہ گیلانی کا ہی کام ہے۔ کہ جو بات کہنے کے قابل ہی نہیں تھی ہم نے چوک میں کھڑے ہو کر وضاحت سے بیان کر دی۔

بابر سلطان کا علم سخاوت سے بھی بڑا ہے۔ اور سخاوت علم سے بھی بڑی بات ہے۔ ان دونوں باتوں کی موجودگی میں بابر سلطان علم جفر کا امام بن کر رہ گیا ہے۔ آئندہ نسلیں اس کو ہمیشہ یاد رکھیں گی۔ اور اس نے یہ کتاب شائع کر کے ابدی زندگی کا سرٹیفکیٹ لے لیا ہے۔

اس نوجوان سخی عالم کے حق میں میرے دل میں جو عزت ہے۔ وہ اللہ ہی جانتا ہے اور دعا دم بدم ہر تن موئے نکلتی ہے۔ کہ اللہ پاک اس کے علم کو ہمیشہ زندہ و تابندہ رکھے۔

شاہ گیلانی
شورکوٹ شہر

tarukhan

# پیش گفتی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

صد شکر ہے اس ذات پاک کا جس نے بندہ کو اپنی صورت پر بنایا (خلق آدم علی صورتہ) اور پھر اسے وہ تمام علم دیدیا جو فقط اسی کا حق تھا۔ اور کوئی مخلوق اس علم کی متحمل نہ ہوسکی۔

علم آدم الاسماء کلھا

اسی ذات کے نام سے اس کتاب کی ابتدا ہے اور صد ہزار درود ہے اس ذات پاک پر جو رؤف و رحیم ہے اور نور مجسم ہے۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِیْمٌ



علم جفر ایک قدیم علم ہے۔ اور حضور سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ و علی مرتضیٰ پر یہ علم مکمل ہوا اور اس کے بعد آپ کے اصحاب میں منتقل ہوا اپنی حیثیت میں یہ ایک مکمل علم ہے۔ جو کسی دوسرے علم کا محتاج نہیں بلکہ باقی سب علوم عقلیہ و نقلیہ میں اس کا دخل ہے۔

فی زمانہ کتب جفر جو موجود ہیں ان میں اکثر خرافات ہیں اور اس کے سوا کچھ نہیں ہے۔

حقیقت خرافات میں کھو گئی
یہ امت روایات میں کھو گئی

دائرۃ انظاریہ اور کئی قسم کی اوٹ پٹانگ کتب آپ کو ملیں گی مگر ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں نے زیر نظر کتاب میں جفر کی چند اقسام پر قلم اٹھایا ہے۔ اور مختصراً مگر جامع پیرایہ میں اس علم کو نقل کیا ہے۔ زمانہ کی رفتار کے مطابق اس کی امثال اردو میں حل کی ہیں۔ اور اسے قابل فہم بنایا ہے۔ اس کتاب کو نین حصص میں لکھا گیا ہے۔ تین اقسام کے قواعد اس میں درج ہیں۔

۱۔ مبتدی جفاران کیلئے　　جن کے لئے لفظ جفار اچھا نہیں لگتا بلکہ طالب علم جفر مبتدی

۲۔ متوسط جفاران کے لئے ایسے قواعد ہیں، جو　　نہ زیادہ مشکل ہیں نہ ہی آسان۔

۳۔ منتہی جفاران کے لئے۔ اس میں ایسے قواعد دیئے ہیں۔ جو اپنی

ان چھ اقسام کے علاوہ نہیں تھا۔ دراصل یہ وہ اقسام تھیں جو بہت مشکل تھیں اور لوگ انہیں سمجھ نہیں رہے تھے۔ اس لئے اپنی طرف سے مفروضوں کی بنا پر سمجھتے سمجھتے اس میں غلطیاں پیدا کر دی تھیں۔ اسی لئے حضرت منصور بغدادیؒ کو خیال پیدا ہوا کہ ان کو منضبط کیا جائے۔ ان میں سے ہر قسم اولیاء اللہ کے سینوں میں محفوظ تھی۔ انہوں نے ان اقسام کو بالتصریح بیان کیا اور ہر قسم کے ساتھ منسلک دیگر اقسام کو بھی وضاحت سے بیان کیا۔ چونکہ یہ علم محدود نہیں اور اللہ کی دین ہے جسے چاہے دے دے۔

اولیاء اللہ نے ریاضتیں کیں اور صاحب کشف ہو گئے یا پھر خدا کی طرف سے ہی انہیں کشف عطا ہوا۔ اور علم محدود بھی نہیں تھا۔ خداوند عالم نے ان کو وقتاً فوقتاً بذریعہ کشف وہ اقسام بھی تعلیم کیں جو اس وقت ضبط تحریر میں نہ آئیں تھیں اور ایسا جفر دیا جو اس زمانے میں کسی کے پاس نہ تھا۔ آج بھی اگر کوئی شخص مراقبہ میں اپنی ذات کے تصور میں اس حد تک گم ہو جائے کہ اس پر فنا کی حالت طاری ہو جاتے اور شہود حاصل ہو تو اس پر بھی علم جفر حسب استعداد منکشف ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ وہ علم ہوتا ہے۔ جو قبل ازیں بھی کسی پر وارد ہو چکا ہے لیکن اولیاء اللہ کو ایسا علم بھی ملا جو قبل ان کے فقط حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کے اصحاب پر بھی وارد ہوا ہوتا ہے۔ علم جفر کے حصول کے دو طریق ہیں۔

۱۔ کسبی

۲۔ وہبی



۱۔ کسبی۔ علم کے لئے بندہ کو بہت محنت کرنا پڑتی ہے اور کتابوں وغیرہ سے مدد لینا پڑتی ہے استادوں کی خدمت کرنا پڑتی ہے۔ بہت سے لیٹروں سے لٹنا پڑتا ہے۔ مایوس اور ناکام ہونا پڑتا ہے۔ مگر جب قوت ارادی پختہ ہو اور مسلسل جدوجہد ہو تب ہی کہیں جا کر حاصل ہوتا ہے۔ بعض اصحاب نے اسے سیکھتے سیکھتے عمر گنوا دی اور آخر میں حسرت سے مر گئے۔

۲۔ وھبی۔ وہب ہونا وھاب سے ہے۔ اور تمام انبیاء کرام کے حق میں لفظ وھب ہی استعمال ہوا ہے۔ کیونکہ وہب حقیقی انہیں کا حق ہے۔ بہرحال ہم وہب کی شرح نہیں کرتے فقط اتنا عرض کر دیں کہ وہب کی کئی اقسام ہیں۔ جن میں سے ایک اولیاء اللہ کی ارواح سے بذریعہ خواب یا کشف القبور کے ذریعے یہ علم حاصل کیا جاتا ہے۔ یا پھر اگر کوئی کامل ہو تو چند سیکنڈ میں ایک توجہ سے یہ علم عطا کر دیتا ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کشف کھل جاتا ہے۔ اور شرح صدر بھی ہو جاتا ہے۔ علم خود بخود آ جاتا ہے۔ کوئی معلم سوائے علیم کے نہیں ہوتا۔

دعاگو!

بابر سلطان

# معاون کتب

ذیل میں چند کتب کے نام لکھ رہا ہوں ان کتب سے کچھ نہ کچھ استفادہ اس کتاب کے لکھنے میں حاصل کیا گیا ہے۔

| نام کتاب | نام مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| رسالہ فی الجفر | امام احمد رضا بریلویؒ | مرصدی اسنیٰ | منصورؒ ابن فارسی |
| رسالہ علم الجفر ابیض | محمود شیرانی | درۃ الذکیہ | منصورؒ ابن عربی |
| سر الاخبار | طوخی فلکی | مصباح الرموز اسرار الکنوز | منصورؒ ابن عربی |
| کشف الاخبار | امام خمینی | دلائل البرہان | برہان الاعرفؒ |
| کشف الحقیقت | عبدالکریم ابراہیم جیلیؒ | مقصد اقصیٰ | فارسی 〃 |
| زائرجات واشرف المربعات | امام غزالیؒ | قوت الحروف | قاسم بن احمد اللہؒ |
| اسرار جفر | نصیر الدین طوسی | کوکب الدریہ | عربی 〃 |
| قوانین تکوین | محی الدین ابن عربیؒ | صفحات القرآن | فراز الدین کبیر سواتیؒ |
| فصوص الحروف | عبداللہ قرطبیؒ | کتاب طئی الاسرار | عربی 〃 |
| نصوص الانوار حرفیہ | ابوالخیر رابعؒ | انسان کامل | عبدالکریم ابراہیم جیلیؒ |
| سر الاسرار | منصورؒ ابن حلاج بغدادی | قرص الشمس فی بیان الحروف | حضرت عمر بن الفارض الحوریؒ |
| بحر الوقوف علم الحروف | منصورؒ ابن عربی | کشف المکنون | مکرم علی معظم |



| نام کتاب | مصنف | نام کتب | مصنف |
|---|---|---|---|
| عرب المعرب | عبدالکریم جیلیؒ | علوم سری | ابو معشر فلکی عربی |
| عنقائے معرب | 〃 | توضیح الافلاک | اکرام الدین رلتانی |
| عنقاء معرب | شیخ محی الدین ابن عربی | الکہف والرقیم | عبدالکریم ابراہیم جیلیؒ |
| نصائب المنصب فی علم الانسب | رکن الدین جونشی وجفار ہندی | الجفر والجامع | منصور حلاج بغدادیؒ |
| | | الجفر البسائط | بابا ستیل ہندی |
| علم اللوح فی عمل القلم | فرقان الدین معلم | دست تجیب جفر | |
| کشف الکنوز | ارباب الدینؒ | معانی الاعداد | جمشید بصریؒ |
| منتہی الکمال | عبدالعزیز پرہاروی | ارواح تسعہ | فخر الدین رازیؒ |
| ارواح مکنون | حضرت حسنین کانتوریؒ | اسرار اشکواۃ | علامہ زرقانیؒ |
| جفر الجامع | حضرت محمود دہدارؒ | لمعۃ السیارگان | منصور حلاج بغدادیؒ |
| مخزن الحروف | نصیر الدین سیوطیؒ | مدارج البروج | علامہ زرقانیؒ |
| الجداول الجفریہ | امام احمد رضا بریلویؒ | کتاب جفر | جمشید بصریؒ |
| الوسائل رضویہ | 〃 | کشف الابدال فی علم الاحوال | ابو عمرو ابن ہمدانی |
| مخزن الیمیاء | حافظ سدید الدین تونسویؒ | لاریب | ابو محمد رویمؒ |
| حقائق الیقین | حضرت بایزید بسطامیؒ | حق الیقین | 〃 |
| علم جفر جامع | حضرت بایزید بسطامیؒ | یقین من الحروف | احمد بن النطاکیؒ |
| خلاصۃ المستوفرہ | حضرت محی الدین ابن عربیؒ | | |

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| نقط المحیط فی حل الوسیط | ابن جریم ابوالحسن نورالدین علی | القلم والحروف | شیخ ابو محمد عبدالرزاق کاشی |
| مدارج توکل | یوسف بن حسین | جبر و قدر | امام احمد بن صالح بن شافی جیلی |
| احوال یوم الدین | محمد علی حکیم ترمذی | رسالۂ سر | شیخ شہاب الدین عمر سہروردی |
| لطائف النجوم | جمال الدین محمد بن یزدان | المحفوظ | شیخ ابوالبرکات علی بن غانم |
| مراۃ الاحوال | ابوبکر واسطی | تغییرات عناصر من احوال زمان | شیخ فصیل بن شیخ احمد صرصری |
| کنز المخفی | بایزید بسطامی | | |
| اعیان ثابتہ | ابونصر سراج | علم الحقائق | شیخ علی بن ہیتی |
| معارف بشریہ | بشر جہر | عالم سکر فی بیان صحو | شیخ ابوالقاسم ہزان |
| تصحیح العقائد | حاتم اصم | محکم حکمت | ابواسحاق ابراہیم بن سعید رازی |
| مفاخر الجفر | شیخ عبدالقادر جیلانی مؤلف امام محمد عبداللہ ذیابی | کمال اترا المحیط فی نقاط الوسیط | ابوعبداللہ محمد بن خضر موصلی |
| معلم زائرجہ بر بعات جفریہ | موفق الدین ابن | شرح البحرین لیلقین | ابوالحسن علی بن احمد بن وہب ازدی |
| انواع الزائرجہ | شرف الدین الجبرتی مرشد عبدالکریم | الروح | شیخ ابوالمظفر منصور بن مبارک واسطی |
| مستوی الرحمن | شیخ عبدالمظفر ہمعصر جیلانی | تائید من اللہ | 〃 |
| روح القدس | امام فخرالدین رازی | اقراء اللفظ الجفریہ | 〃 |
| سدرۃ المحیط | شیخ عمر کیمانی | علم الروحانیہ | 〃 |
| منازل مجد | شیخ ابومحمد صالح مغربی دکالی | اعمال عن التحصیل الجفر | 〃 |



# باب اوّل

## تعارفِ جفر

علمِ جفر ایک قدیم علم ہے بعض تنگ نظر حضرات اسے ایک خاص حد تک مقید متصور کرتے ہیں۔ جو بالکل غلط ہے۔

علمِ جفر کی اصل تاریخ ادوار کے لحاظ سے تو میں اپنی کتاب "الجفر الجامع" میں بیان کروں گا۔ فی الحال اتنا بتا دینا کافی سمجھتا ہوں۔ کہ علمِ جفر دورِ یونان سے بھی کئی ہزار سال قبل موجود تھا۔ مگر اس کی ہیئت اس وقت یہ نہ تھی جو اب ہے، علمِ جفر کے دو حصے مشہور ہیں۔

علم الاخبار ــ یعنی خبریں لینا بذریعہ مستحصلۂ جفر اس اخبار کے بھی دو حصے ہیں۔ ایک مستحصلاتِ خفیہ ایک خبریہ اور دوسرا حصہ علم الآثار جس میں نقوش وعملیات تیار کر کے سیارگان کے اثرات کو مقید کیا جاتا ہے۔ اور عملیات کے ذریعے ان اثرات کو مجتمع کر کے بوقت ضرورت کام میں لایا جاتا ہے اس کتاب میں ہمارا موضوع مستحصلاتِ خبریہ ہیں۔ یہ مستحصلات بہت مشکل بھی ہیں۔ اور بہت آسان بھی۔

دراصل یہ ایک ایسا موضوع ہے. جس میں سوال کو مخصوص طریقے سے الفاظ میں بند کیا جاتا ہے. جب تک سوال کی بندش صحیح نہ ہوگی. جواب درست نہ آئے گا. چنانچہ اس کے لئے آپ اردو کی کتب کا اور گرائمر وغیرہ کا مطالعہ کریں تاکہ سوال کی بندش درست ہو سکے. پھر جب سوال قائم کر لیا جاتا ہے. تو سوال کے حروف پر مختلف قوانین کے تحت عمل کیا جاتا ہے. جن سے حروف ہر عمل پر اپنی ہئیت بدلتے رہتے ہیں. آخر کار ایک ایسی سطر ظاہر ہوتی ہے. جس میں حروف اس منزل پر پہنچ جاتے ہیں. کہ سوال کے حروف جواب کے حروف میں ڈھل جاتے ہیں. اور یہی ہمارا مقصد ہے. پھر جب ان حروف کو آپس میں مربوط کیا جاتا ہے تو بامعنی الفاظ بنتے ہیں. اور پھر ایک فقرہ کی صورت میں ہمیں ہمارے سوال کا جواب مل جاتا ہے. کتاب میں ہم اسی سطر سوال سے سطرِ جواب پیدا کرنیوالے کلیات پر بحث کریں گے تاکہ عوام تک درست اور مستند کلیات پہنچ جائیں.

حکماء کا قول ہے. کہ

سطر سوال میں ہی سطر جواب پوشیدہ ہوتی ہے مگر وہ کئی حجابات کے اندر ہوتی ہے. اسے ظاہر کرنے کے لئے حکماء نے بذریعہ حکمت علمیہ بہت سے قواعد وضع کئے ہیں ہم اس کتاب میں حکماء کے انہی قواعدِ جفریہ کو بیان کریں گے.

والسّلام :

بابر سلطان



# مستحصلہ ابو طالبی

مستحصلہ ابو طالبی کے بہت سے طریق ہیں کم و بیش اکیس مشہور طریقے ہیں. ایک طریقے کو جناب شاہ گیلانی صاحب نے اپنی کتاب سرِ غیب میں بیان کیا ہے. یہ قاعدہ ہیں کشف الاخبار میں بھی دیکھا اور کئی جفر کی نایاب کتب میں بھی درج پایا. ہر کتاب میں الگ الگ طریق سے یہی قاعدہ درج ہے ہم بھی اسے مقبولیت کی وجہ سے اپنی کتاب میں چند امثال کے ذریعے وضاحت اور مختلف انداز سے بیان کرتے ہیں.

اور میں ان کتب کے نام درج کرتا ہوں جن سے استفادہ کے بعد ہم نے اس قاعدہ کی تصحیح کی اور اسے عمدہ انداز اور آسان پیرائے میں درج کر رہے ہیں.

۱ــ کشف الاخبار

۲ــ کشف الحقیقہ حضرت عبد الکریم جیلیؒ

۳ــ فصوص الحروف از عبداللہ قرطبیؒ

۴ــ فصوص الانوارِ حرفیہ از ابوالخیر رابع

۵ــ قوانین تکوین از رسائل ابن عربی بخط عربی یونیورسٹی مصر

۶ــ دلائل البرہان از حضرت برہان الدین عرفؒ

۷ــ قوت الحروف از قاسم بن عبداللہ بن عبدالکریم ہندی مابعد عربی

۸ــ صفحاتِ قرآن از طرازالدین کبیر سواتیؒ

۹ــ قرصِ الشمس فی بیان الحروف از حضرت عمر بن الفارض الحوی

کتابیں تو بہت ہیں مگر حوالہ کے لئے یہ مشہور کتب بھی بہت ہیں۔ ان تمام کتب کے مطالعہ کے بعد جو طریقہ میں منتخب کر پایا ہوں۔ وہ بیان کر رہا ہوں بغور مطالعہ کریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

یہ ایک ایسا طریقہ ہے جو کئی طریق کا جامع ہے۔ انشاء اللہ بہت ہی عجیب وغریب جوابات سے نوازے گا۔ اللہ آپ سب کے اندر اسے سمجھنے کا فہم پیدا کرے۔

قواعد کو غور سے پڑھ لیں اور غور سے دیکھ کر عمل کریں

## طریقہ : شرح مداخل اربع

اوّل اعداد سوال حاصل کریں۔ بذریعہ ابجدِ قمری یہ مدخل کبیر ہے۔ دوئم مدخل وسطِ کا طریقہ یہ ہے کہ مدخل کبیر کے مآت ہنوز برقرار رکھئے



یعنی مآت کی جگہ پر۔ اور اعداد احاد وعشرات اور الوف کو جمع کریں اور ایک عدد احاد بنا کر لکھیں۔

مثلاً ــ عدد کبیر ۵۶۱۷ ہے تو مدخل وسیط بنانے کے لئے ۶ درجہ مآت پر قائم رہے گا۔ اور ۱۷ ــ ۵ کو جمع کریں گے۔ ۷+۱+۵ = ۱۳ اب چونکہ مآت پر ۶ ہے تو ۱۳ کے آگے ۶ لکھیں گے۔ عدد وسیط بن جائے گا۔ جو ۶۱۳ ہے۔ اس مدخل کو وسیط مجموعی بلامرتبہ کہتے ہیں۔

اب اس سے مدخل وسیط کبیر حاصل کرنا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ مدخل کبیر کے الوف کو مآت کرے۔ اور مآت کو عشرات کرے اور اعداد احاد و عشرات کو بدرجہ احاد شمار کرے اور عدد جمع کرے۔

مثلاً ــ ہمارے پاس مدخل ۵۶۱۷ ہم نے ۵ کو الوف ہے مآت خیال کیا اور ۶ جو کہ مآت ہے کو عشرات خیال کیا ۱۷ جو کہ احاد وعشرات ہیں کو جمع کیا تو ۸ ہوا۔ اب اس ۸ کو عدد عشرات یعنی ۶ میں جمع کیا ۱۴ ہوئے اب ۵ کو برقرار رکھ کر ۱۴ کو آگے لکھا تو مدخل وسیط کبیر یہ ہوا

۵۱۴

مدخل اصغر ۴ ــ اس کا طریقہ یہ ہے کہ مدخل وسیط کو احاد تک لاتے۔ مثلاً ــ ہمارا جمل ۵۱۴ ہے جمع کیا تو ۱۰ ہوا۔ پھر جمع کیا ۱+۰ = ۱ ہوا۔ ہمارا مدخل کچھ یوں ہوئے غور کریں۔

مدخل کبیر : ۵۶۱۷

مدخل وسیط مجموعی بلامرتبہ : ۶۱۳

اب ایک نقشہ بنائیں جس میں حروف کے مطابق خانے ہوں اور اوپر سے نیچے پندرہ سطور ہوں۔

# استخراج حروف محوّر

جب سوال تحریر کریں تو دیکھیں کہ آج دن کیا ہے۔ تاریخ ماہ و سنہ کیا ہے مثلاً پنجشنبہ سہ جمادی الاول سنہ

اعداد ۱۲ + ۴ + ۶۵ + ۱۴۶ + ۱۴۰۵ = ۲۰۲۸ مجموعہ

ان اعداد کو بدرجہ احاد شمار کیا۔ ۸ + ۲ + ۰ + ۲ = ۱۲ اب اس کو بدرجہ احاد کیا تو ۲ + ۱ = ۳ ہوا۔ اب تیسرا حرف ابجد قمری میں خ ہے۔ پھر دیکھیں کہ ساعت کیا ہے۔ مثلاً دوسری ساعت ہے۔ تو حرف ب لکھا۔ پھر طالع وقت دیکھیں وہ کیا ہے۔ مثلاً جوزا ہے۔ اس کے عدد (۳ + ۶ + ۷ + ۱ = ۱۷) تو سترھواں حرف ابجد قمری میں ف ہوا

اس عمل سے مندرجہ ذیل حروف محور ملے۔ خ ب ف

اب چوتھا حروف حاصل کرنے کے لئے چار بار قرآن حکیم کو فال کی نیت سے کھولیں مثلاً پہلی بار کھولا اور پہلے صفحہ کا پہلا حرف ن ہے دوسری بار کھولا تو ا ہے۔ تیسری بار قرآن کھولا تو پہلا حرف د ہے۔ چوتھی بار م ہے اب ان سب کو لکھا تو ن ا د م اعداد = ۹۷ ہیں۔ ان کو بدرجہ احاد کیا تو (۷ + ۹) = ۱۶ سولھواں حرف ع ہے۔ اب حروف محوّر یا



مدخل کبیر وسیط : ۵۱۴

مدخل اصغر : ۱

# تشریح بیان نسبت اربعہ

اس قاعدہ میں اضراب کا طریقہ مختلف ہے۔ جسے ہم وضاحت سے بیان کرتے ہیں۔

۱۔ **نسبت تداخل** : اگر ایک کمتر عدد دوسرے عدد اکثر کو ایک بار یا چند بار ختم کرے تو ان دونوں کو تداخل کہتے ہیں۔ مثلاً عدد کمتر ۲ ہے۔ اور عدد اکثر ۶ تو ۶ کو ۳ بار ختم کرتا ہے۔ اور عدد ۸ کو ۴ بار اور عدد ۱۰ کو ۵ بار۔ اسی طرح اگر عدد ۳ کمتر ہے۔ اور اکثر ۶ ہے۔ تو عدد ۳ عدد ۶ کو ۲ بار ختم کرتا ہے۔ اور عدد ۹ کو ۳ بار الخ اس نسبت کو نسبت تداخل کہتے ہیں۔

۲۔ **نسبت متوافق** : اس سے مراد ایسا عدد ہے جو کمتر ہو اور عدد اکثر کو تمام نہ کر سکے۔ اور کوئی تیسرا عدد ایسا ہو۔ جو اس کمتر کو بھی ختم کر دے اور عدد اکثر کو بھی ختم کر دے۔ مثلاً ہمارے پاس عدد کمتر ۴ ہے۔ اور عدد اکثر ۱۰ ہے۔ اب ۴ عدد ۱۰ کو ختم نہیں کر سکتا۔ پھر ہم نے کسی ایسے عدد کی تلاش کی جو ان دونوں کو ختم کر دے تو ہمیں عدد ۲ ملا جو عدد ۴ کو ۲ بار ختم کرتا ہے۔ اور عدد ۱۰ کو ۵ بار

ختم کرتا ہے. مثلاً عدد کمتر ۶ ہے اور اکثر ۹ ہے. اب ۶ چونکہ ۹ کو ختم نہیں کرسکتا. اب ہم نے کوئی ایسا عدد تلاش کیا جو ان دونوں کو ختم کردے تو ہمیں ۳ عدد ایسا ملا جو ان دونوں کو ختم کرسکتا ہے. یعنی یہ دونوں اس پر پورے تقسیم ہوجاتے ہیں. عدد ۶ کو عدد ۳ دو بار ختم کرتا ہے. اور ۹ کو ۳ بار ختم کرتا ہے. اس نسبت کو نسبت متوافق کہتے ہیں.

۴ — **نسبت متباین** : نسبت متباین اس کو کہتے ہیں. کہ نہ کمتر عدد اکثر کو تمام کرسکے اور نہ کوئی تیسرا عدد ایسا ہو جو دونوں کو ختم کرسکے سوائے ایک عدد کے. اس کی مثال یوں ہے کہ مثلاً عدد ۸ اور عدد ۱۳.

اب کوئی دوسرا ایسا عدد نہیں جو ان دونوں کو فنا کرسکے. یا یہ دونوں اس پر پورے تقسیم ہوسکیں. پھر ہم نے ۱۳ کو ۸ پر تقسیم کیا باقی ۵ بچے پھر ۸ عدد کو ۵ پر تقسیم کیا باقی ۳ بچے. ان چاروں مداخل سے مندرجہ ذیل حروف بنے.

۷ ۱ ۶ ۵ " ۳ ۱ ۶ " ۴ ۱ ۵ ۱ "

ز ی خ ھغ ج ی خ د ی ث ا

اب ان سب حروف کو ملفوظی کریں.

ز ی اخ ا ھ ا غ ی ن ج ی م ی ا خ

د ا ل ی اث ا ا ل ف



حروف صفحہ یہ ہوئے (ج ب ف غ) اب ان کو بدرجہ احاد شمار کریں

ج ب ف غ

۳ + ۲ + ۸ + ۷ = ۲۰

بیسواں حرف ت ہے. یہ حرف حاصل الصفحہ ہے اسے نگاہ میں رکھیں تمام مستحصلہ اسی سے حل ہوگا.

پھر ۵ کو ۳ پر تقسیم کیا باقی ۲ بچے پھر ۳ کو ۴ پر تقسیم کیا باقی ۱ بچا.

یا مثلاً عدد کمتر ۳ اکثر ۵ یا ۷ لیں ان اعداد کو آپس میں باہم ضرب دیا جاتا ہے. جیسے ۳ × ۵ = ۱۵ - ۳ × ۷ = ۲۱ الخ

۴ — **نسبت متماثل** : نسبت متماثل اس کو کہتے ہیں کہ دونوں عدد ایک طرح کے ہوں. مثلاً ۳ - ۳ - ۴ - ۴ اسی طرح کے دیگر تو ان میں سے ایک عدد کو لے لیا جاتا ہے.

## طریقہ استعمال نسبت

اب دیکھنا یہ ہے کہ ان اعداد کو یا اضراب اور نسبتوں کو ہم مستحصلہ کے اندر کیسے استعمال کریں. اساس و نظیرہ میں جیسا کہ ہم آگے بیان کریں گے.

۱ — اگر ہر دو حروف متداخل ہوں. تو حرف کے کمتر عدد کو لینا چاہیے اور اس کے عدد تحریر کریں.

۲ — اور اگر دونوں حروف متوافق ہوں تو جو عدد دونوں کے اعداد

کو تمام کرے اس کو دونوں کے ساتھ ضرب دیکر عدد لیں.

۳ــ اور اگر حروف متباین ہوں تو دونوں حروف کے اعداد کو باہم ضرب دیکر حاصل ضرب کو لکھیں.

۴ــ حروف متماثل ہو تو دونوں میں سے ایک عدد لکھ لیں.

# امثال اضراب

اب ہم ان چاروں نسبتوں کی امثال دیتے ہیں. تاکہ آپ بخوبی سمجھ سکیں. کہ اس بیان سے ہماری کیا مراد ہے اور شک وشبہ مٹ جائے مثلاً مکتر عدد ۲ ہے. اور زیادہ عدد ۶ ہے. تو چونکہ ۶ دو پر تقسیم ہو جاتا ہے. اس لئے اس کو تداخل کہیں گے. اور اعداد ۲ کو لے لیں گے

۲ــ **مثال متوافق** : عدد مکتر ۴ اور عدد اکثر ۶ ہے. تو چونکہ ۶ عدد ۴ پر تقسیم نہیں ہوتا. لیکن یہ دونوں عدد ۲ پر تقسیم ہو جاتے ہیں. اسی لئے متوافق ہے.

۱ــ دیکھا کہ ۲ عدد ۴ کو ۲ بار ختم کرتا ہے.

اور عدد ۶ کو ۳ بار ختم کرتا ہے.

اب ان دونوں کو یعنی ۲ × ۳ کو باہم ضرب کیا تو ۶ ہوا. اسے لکھینگے

اب مثلاً عدد مکتر ۶ ہے اور اکثر ۱۵ ہے. غور سے دیکھا تو عدد ۳ پر یہ دونوں تقسیم ہوتے ہیں.



۳ × ۶ = ۲ بار تمام کرتا ہے.

۳ × ۱۵ = ۵ بار تمام کرتا ہے.

اب مخرج اعداد ۲ اور ۵ ہوئے. ان کو آپس میں باہم ضرب کیا تو ۲ × ۵ = ۱۰ عدد حاصل ہوا. اسے لکھ لیں گے. اسی طرح دونوں سے جو عدد برآمد ہوا اسے لکھ لیں.

۳ــ **مثال متباین** : عدد مکتر ۴ اور اکثر ۵ ہے.

۴ × ۵ = ۲۰ عدد ہوا یعنی یہ ایسے اعداد ہیں جن کو آپس میں ضرب دے کر لکھا جاتا ہے.

۴ــ **مثال متماثل** : مثلاً ۴ ، ۴ ہیں تو دونوں میں سے ایک لکھیں گے. ۲ ــ ۲ ہے تو دونوں میں سے ایک ۲ لکھیں گے

ان اضراب کو بمعہ امثال ہم نے بالوضاحت سمجھا دیا ہے. اور اس میں کوئی سقم باقی نہیں چھوڑا ہے اسی اضراب کے طریقہ کو جناب شاد گیلانی صاحب نے اپنی کتاب **سرِ غیب** میں بیان کیا ہے. اور موصوف نے بہت محنت کر کے ان اضراب کا ایک نقشہ ترتیب دیا ہے. لیکن چونکہ اس نقشہ میں بہت غلطیاں ہیں. ہم یہ نہیں کہیں گے کہ علامہ موصوف نے غلط بیانی کی ہے لیکن دراصل بات کچھ یوں معلوم ہوتی ہے کہ موصوف تک ایسی کتاب پہنچی جس میں اضراب کو غلط بیان کیا گیا تھا. یا پھر سمجھ میں غلطی ہو گئی. جس سے نقشہ اضراب میں بہت سی غلطیاں ہو گئیں.

اگرچہ ہم نے وضاحت سے امثال دیگر تمام اضراب کو سمجھا دیا ہے.

لیکن پھر بھی ہم بہتر خیال کرتے ہیں کہ ان اضراب کا صحیح نقشہ آپ کے لئے تیار کرکے شائع کر دیں جو اغلاط سے پاک ہو۔ اسی نقشہ میں ۱۔ متداخل ۲۔ متوافق ۳۔ متباین ۴۔ متماثل تمام کو ملحوظ رکھ کر اضراب دی گئی ہیں۔

# نقشہ انسبات

| اعداد | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ۲ | ۲ | ۴ | ۶ | ۲ | ۴ | ۲ | ۱۴ | ۲ | ۱۸ |
| ۳ | ۳ | ۶ | ۳ | ۱۲ | ۱۵ | ۳ | ۲۱ | ۲۴ | ۳ |
| ۴ | ۴ | ۲ | ۱۲ | ۴ | ۲۰ | ۶ | ۲۸ | ۴ | ۳۶ |
| ۵ | ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۲۰ | ۵ | ۳۰ | ۳۵ | ۴ | ۴۵ |
| ۶ | ۶ | ۲ | ۳ | ۶ | ۳۰ | ۶ | ۴۲ | ۱۲ | ۶ |
| ۷ | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ | ۳۵ | ۴۲ | ۷ | ۵۶ | ۶۳ |
| ۸ | ۸ | ۲ | ۲۴ | ۴ | ۴۰ | ۱۲ | ۵۶ | ۸ | ۷۲ |
| ۹ | ۹ | ۱۸ | ۳ | ۳۶ | ۴۵ | ۶ | ۶۳ | ۷۲ | ۹ |

اس نقشہ سے حاصل ضرب معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مثلاً آپ کا عدد ۴ ہے اور دوسرا عدد ۳ ہے۔ تو اوپر سے عدد ۳ کو دیکھا۔ اور پہلو میں عدد ۴ ان دونوں کے اتصال خانہ میں جو عدد درج ہو اسے لکھیں۔



مثال میں پہلو میں عدد ۴ کے بعد ۲۴ [۱۲] یعنی اوپر سے تین عدد کے نیچے اور ۴ عدد کے سامنے عدد ۱۲ ہے۔ اسی طرح ۵ اور ۷ کے مقام اتصال پر ۳۵ ہے۔ اور ۷ اور ۷ کے اتصال پر ۷ ہے۔ اسی طرح آپ نقشہ سے بآسانی اضراب دے سکتے ہیں۔

اب ہم نے آپ کو طریقہ اضراب اور حروف اساس کو حاصل کرنا۔ اور حروف محور یا حروف صفحہ اور حروف حاصل الصفحہ معلوم کرنے کا طریقہ وضاحت سے بیان کر دیا۔ کیونکہ مستحصلہ کا تمام تر دارومدار انہی چیزوں پر ہے۔ ہم نے ان اضراب اور دیگر مداخل وغیرہ کو اسی لئے عام فہم انداز میں پیش کیا ہے کہ آج تک جس میں اس مستحصلہ کو لکھا۔ اس کی ان مشکل گھتیوں کو حل نہ کیا گیا بلکہ انہیں مزید الجھا دیا گیا

اب چونکہ میرے خیال میں یہ تمام قاعدے حل ہو چکے ہیں اس لئے اس کو عام فہم اور سادہ پیرائے میں بیان کر رہا ہوں میرا مقصد اس قاعدے کو آسان بنانا ہے اب معلوم نہیں کہ میں اس مقصد میں کس حد تک کامیاب ہوتا ہوں۔ اب میں سارے مستحصلہ کو ترتیب وار سطور کی صورت میں تحریر کرتا ہوں تاکہ بخوبی ذہن نشین ہو سکے۔"

# ترتیبِ سطور مستحصلہ ابوطالبی

سطر اول اساس :

سطر اول میں تمام حروف زبر و بینات لکھیں یعنی وہ حروف جو کہ مداخل اربع سے حاصل ہوتے ہیں ان کو ایک سطر میں لکھ لیں اور انہیں خانہ بندی کر کے لکھیں پھر اوپر سے نیچے پندرہ سطور بنائیں جسکی پہلی سطر یہی ملفوظی حروف ہوں انہیں حروف اساس کہتے ہیں۔

سطر دوئم نظیرہ :

دوسری سطر میں حروف اساس کو نظیرہ دیں جو اس کتاب میں جابجا درج ہے اور عام مستعمل ہے۔

سطر سوئم نسبت اساس :

یہ اس طرح ہے کہ غور سے دیکھیں کہ سطر اساس میں پہلا اور دوسرا حرف کون کونسا ہے اور ان کے عدد ایقع کو مدنظر رکھکر یہ دیکھیں کہ ان میں متداخل کی نسبت ہے توافق کی متبائن یا متماثل کی جو بھی نسبت ہو اس سے حاصل شدہ عدد تیسری سطر میں لکھیں۔

مثلاً اساس : ک ا ف ظ ا غ ی ن

نظیرہ : ذ س ج م س ن خ غ

نسبت اساس : ۲ ۸ ۲ ۱ ۹ ۷ ۲ ۸ ۲ ۱ ۰ ۵ ۱



شرح اس کی یہ ہے کہ پہلا حرف ک اساس میں ہے جس کے عدد ۲ ہیں۔ اور اساس کا دوسرا حرف ا ہے جس کا عدد ایک ہے۔ اب ۲ × ۱ = ۲ چونکہ یہ متبائن ہیں اس لئے حاصل ضرب ہی آئے گا۔ اسی طرح دوسرا حرف آ نسبت اعداد آ کے آ اور ف کا ۸ ۱ × ۸ = ۸ چونکہ نسبت متبائن کی ہے۔ الخ اور اسی طرح تیسری سطر تمام کی امید ہے۔ بخوبی سمجھ گئے ہوں گے۔

سطر چہارم نسبت نظیرہ :

سطر اساس پر جو عمل کیا ہے۔ وہی عمل سطر نظیرہ پر کریں۔ یعنی نظیرہ کے پہلے حرف کو دوسرے سے ضرب دیں دوسرے کو تیسرے سے الخ

سطر پنجم تعدیل اولیٰ :

ہمارے پاس چار سطور ہو چکی ہیں اب پانچویں سطر یوں پیدا کریں گے کہ سطر سوئم کے نسبتِ اساس کے حاصلہ اعداد کو اور سطر چہارم نسبت نظیرہ کے حاصلہ اعداد کو آپس میں نفی کریں گے۔ جو عدد چھوٹا ہو اسے بڑے سے نفی کر دیں اور اگر برابر اعداد ہوں تو جمع کر دیں۔ مثلاً

۱ اساس = ک ا ف ظ ا غ ی ن

۲ نظیرہ = ذ س ج م س ن خ غ

۳ نسبتِ اساس = ۸۲ ۲۷ ۱۹ ۱ ۵ ۱۰

۴ نسبت نظیرہ = ۳۴۲ ۱۲ ۳۰ ۳۰ ۶ ۷

۵ تعدیل اولیٰ = ۵۴۰ ۳۶۰ ۲۹ ۲۹ ۱ ۳

سطر ششم نسبت اساس و نظیرہ :

یہ سطر اس طرح پیدا ہوتی ہے۔ کہ جیسے ہم نے پہلے صرف اول کو دوئم سے ضرب کیا تھا اور دوئم کو سوئم سے۔ مگر اس میں اس طرح سے ضرب کرنا ہے کہ جو عدد نسبتِ اساس سے حاصل ہُوا۔ اسے نسبت نظیرہ کے عدد سے ضرب کریں۔ اور اس ضرب سے جو عدد حاصل ہو اسے الگ لکھتے جائیں یہ سطر نسبت اساس و نظیرہ ہے۔ بعض محققین نے اسے "نسبت نوح" لکھا ہے اور بعض اسے "نسبت تنزلیہ" بھی لکھتے ہیں۔ اور صاحب کشف المکنون نے اسے "نسبت تخلیق" اور صاحب سرّ الاخبار نے اسے "نسبت تثلیث" لکھا ہے۔ الجدِ قمری کو بعض اصحاب الجد نوحی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کی ترتیب کا آغاز تقریباً حضرت نوح علیہ السلام کے دور میں ہو چکا تھا۔

اور غالباً نسبتِ تنزلیہ اسے اس لئے کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغ میں آپ لوگوں کو تنزلیہ کی دعوت دیتے تھے اسی لئے لوگ کم اسلام لائے یا دینِ حق لائے مگر برخلاف اس کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تنزلیہ و تشبیہہ کی طرف بلایا۔ اسی لئے اسلام اتنی جلدی پھیلا۔



# اصطلاحاتِ جفر

ہر علم کی کچھ اصطلاحات ہوتی ہیں۔ جفر کی اصطلاحات بہت زیادہ ہیں۔ مگر اس کتاب میں ہم چند اصطلاحات بیان کریں گے۔ تاکہ قارئین اس کتاب کو بخوبی سمجھ سکیں۔ اور انہیں سمجھنے میں دقت پیش نہ آئے۔

## ۱۔ ضربِ شبکہ

بعض جگہ لکھا ہوتا ہے۔ کہ ان اعداد کو ان اعداد میں بطریق شبکہ ضرب دیں۔ تو اس ضرب کا طریقہ یہ ہے کہ جن اعداد کو ضرب دینی ہو ان کو نیچے کی مثال کے تحت شبکہ کے اوپر لکھ لیں اور جن سے ضرب دینی ہو انہیں شبکہ کے پہلو میں لکھ لیں اور خانہ وار ضرب دیں مثال سے واضح ہو گا۔

مثلاً اعداد : ۱ ۲ ۳ ۴ کو ہم نے ۲ ۳ ۴ ۵ سے ضرب دینی ہے۔ (جو شکل بنے گی وہ اگلے صفحے پر دیکھیں) یہ ہوئی ضرب شبکہ شرح اس کی یہ ہے کہ پہلے خانہ میں اوپر کی طرف ① عدد لکھا ہے اور پہلو میں پہلا عدد ② ہے۔ ۱ × ۲ = ۲۔

ہم نے پہلے خانہ میں اوپر کی جانب عدد ۲ لکھ دیا اور نیچے اس کا

حرف (ب) اسی ترکیب سے ضرب پر غور کریں۔

## ضربِ شبکہ

| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
|---|---|---|---|---|
| ۲ | ب ۲ | د ۴ | و ۶ | ح ۸ |
| ۳ | ج ۳ | د ۶ | ط ۹ | ب ی ۱۲ |
| ۴ | د ۴ | ح ۸ | ب ی ۱۲ | د ی ۱۶ |
| ۵ | ھ ۵ | ی ۱۰ | ہ ی ۱۵ | ک ۲۰ |

## ۲۔ صدر موخر، موخر صدر

صدر موخر کا مطلب یہ ہے، جو سطر حاصل ہو۔ اس کو اس طرح ترتیب دیں کہ سب حروف کی نشست بدل جائے۔ سوائے پہلے کے اسے تکسیر قطبی بھی کہتے ہیں۔ اس میں پہلا حرف قائم رکھا جاتا ہے۔ اس کے بعد آخری حرف لکھ دیا جاتا ہے۔ پھر پہلے کے بعد کا پھر آخری کے بعد کا حرف لکھ دیا جاتا ہے۔

مثال اس کی یہ ہے۔

ترتیب : ۱ ۳ ۵ ۷ ۹ ۱۰ ۸ ۶ ۴ ۲

سطر : ا ب ج د ہ و ز ح ط ی

صدر موخر : ا ی ب ط ج ح د ز ہ و

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰



موخر صدر اس کے برعکس ہے یعنی پہلے آخری حرف پھر پہلا پھر آخری پھر پہلا،

مثلاً ترتیب : ۲ ۴ ۶ ۸ ۱۰ ۹ ۷ ۵ ۳ ۱

سطر : ا ب ج د ہ و ز ح ط ی

موخر صدر : ی ا ط ب ح ج ز د و ہ

## ۳۔ جمل کبیر یا مدخل کبیر

اسے **جمل جامع** یا **جامع زبر و بینات** یا **جامع صغیر و وسیط** بھی کہتے ہیں۔

بعض اسے یوں کہتے ہیں۔ کہ زبر اور بینات حروف کے اعداد کو جمع کرنے کا نام جمل کبیر ہے۔ اور بعض صرف اعدادِ حروفِ سوال کو بذریعہ ابجد قمری یا دیگر کسی دائرہ سے لینے کو بھی جمل کبیر ہی کہتے ہیں۔ مگر ان میں فرق یہ ہے کہ اول الذکر جو طریقے ہے وہ تو ہے جمل کبیر اور ثانی الذکر مدخل کبیر ہے۔ یہ دونوں درست ہیں مگر ہر کوئی اپنی فہم کے مطابق حل کرتا ہے۔

## جمل اکبر

مطلوبہ حروف کو عربی عدد میں لکھ کر اس کے مکتوبی حروف کے اعداد کو جمع کرنے کا نام جمل کبیر ہے۔ دوائر کے ضمن ابجد عربی عددی آئے گی۔

## جملِ وسیط اور مدخلِ وسیط

جمل وسیط سوال یا جن حروف کا حاصل کرنا ہو۔ اس کے حروفِ زبر کو ترک کر کے حروفِ بینات کے اعداد حاصل کرتے کو کہتے ہیں۔

اور مدخل وسیط عداد کا وہ مدخل ہے۔ جو مدخل کبیر سے حاصل ہو۔ اس کے حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مدخل کبیر کے مرتبۂ احاد کو مرتبہ عشرات میں جمع کریں اور باقی اعداد کو بالترتیب لکھ دیں۔ مثلاً ۲ ۴ ۵ ۶ مدخل کبیر ہے تو مدخل وسیط یہ ہوگا۔ ۶ ۵ ۶

## ۵۔ جملِ صغیر اور مدخلِ صغیر

جمل صغیر حاصل کرنے کے لئے یوں عمل کیا جاتا ہے۔ کہ دو ہم عدد حروف میں سے پہلے حرف کے عدد زبر اور دوسرے کے بینات کو جمع کریں اس طرح پوری سطر پر عمل کریں۔ جو اعداد حاصل ہوں گے۔ یہی جمل صغیر ہے۔ (حروف زبر و بینات کی اصطلاح آگے آئے گی) مدخل صغیر مدخل وسیط کے مجموعہ کو پہلے کی طرح مرتبہ احاد کو عشرات میں ضم کر دیں تو مدخل صغیر حاصل ہوگا۔ مثلاً ہمارے پاس مدخل وسیط ہے: ۶ ۵ ۶۔

تو اس کا مدخل صغیر = ۱۷ ہوگا۔ یعنی ۶ + ۵ = ۱۱۔ اس کا حاصل ۶ میں جمع کیا تو ۱۷ ہوا۔

## ۶۔ جمل اصغر یا مدخل اصغر

جمل اصغر حاصل کرنے کے لئے حروف احاد کو ترک کر دیا جاتا ہے یعنی



اس میں ا سے ط تک کے اعداد نہیں لیتے جاتے بلکہ ی سے ع تک کے عدد شمار ہوتے ہیں۔ اور عدد جمل صغیر حاصل کرنے کا طریقہ یوں ہے کہ جو عدد حرف کا حاصل ہوا اس عدد کو ۹ پر تقسیم کر دیں۔ یاد رہے کہ مرتبہ عشرات کو نو پر تقسیم کریں جو عدد باقی بچے احاد سے اسی مرتبہ کا حرف لے لیں۔ اور دوسری بار ۱۲ پر تقسیم کریں اور حرف لے لیں اسی ترتیب کے ساتھ عمل کر کے جمل اصغر حاصل کیا جاتا ہے۔ اور مدخل اصغر حاصل کرنے کے لئے مدخل صغیر کے اعداد کو اگر احاد و عشرات کے درجات موجود ہوں تو آپس میں ضم کر کے ایک عدد پیدا کریں۔ اگر نہ ہوں تو اسی عدد مدخل صغیر کو دوبارہ لکھ دیں۔ مثلاً ہمارے پاس مدخل صغیر ۱۷ تھا۔ تو ہم نے ۱ اور ۷ کو جمع کیا تو ۱ + ۷ = ۸ مدخل اصغر ہوا۔

قارئین یہ مداخل اجمال کی جو امثال اور تعریف اصطلاحاً میں نے کی ہے۔ اس کا بہت کم صاحبان کو علم ہے۔ کیونکہ وہ جمل اور مدخل میں کوئی فرق محسوس نہیں کرتے۔

## ۷۔ زبر و بینات

حروف جس طرح بولے جاتے ہیں۔ ان کو ملفوظی کہتے ہیں۔ پھر ان کی آگے تین اقسام ہے پہلے ملفوظی یعنی الف جیم دال وغیرہ اور جن حروف کو ادا کرنے میں اول و آخر حرف ایک جیسا ہو ان کو مکتوبی کہتے ہیں۔

مثلاً نون، میم، واؤ۔ اور جو حروف بولنے میں دو حرفی ہوں ان کو

مسروری کہتے ہیں۔ مثلاً با تا ثا حا وغیرہ اب زبر اور بنیات کا اصول غور سے پڑھیں ہر حرف کا پہلا حرف زبر اور دوسرے خواہ ایک ہو یا دو بنیات کہلاتے ہیں۔ ( ا ل ف ) میں ( ا ) زبر ہے۔ اور ( ل ف ) بنیات ہیں۔ الخ

## ۸۔ کسورات حرفی کامل

کسورات کی بہت سی اقسام ہیں۔

مگر اس مختصر کتاب میں ہم صرف دو طریق بیان کریں گے۔ ایک تو بذریعہ جدول سمجھائیں گے۔ جو دوائر کے ضمن میں آئے گی اور دوسری اس طرح ہے۔ کہ حرف کو کامل رہنے دیا جائے یعنی ناقص نہ کیا جائے اور حرفی طور پر حرف سے حرف پیدا کریں مثلاً م ک ی ہ د ب ا یہ ہوئی م کی کسورات کامل اس میں راز کی بات یہ ہے کہ مثلاً ہمارے پاس حرف ھ پر آکر کسورات ختم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ھ کا نصف نہیں ہوتا۔ مگر ہم نے ھ کا ایک درجہ کم کیا تو دَ برآمد ہوا پھر ہم نے تا الف اس کی کسور حاصل کی۔ اس کا جدول بھی آگے آئیگا۔

## ۹۔ نجوم اور جفر

حضرات آپ نے اکثر کتب جفر میں پڑھا ہوگا۔ کہ طالع رابع سابع عاشر معلوم کریں یا ساعت معلوم کریں تو حضرات علم جفر میں ساعات بھی بطریق جفر معلوم کی جاتی ہیں۔ جس پر تفصیل کے ساتھ ہم اپنی کتاب الجفر الجامع میں بحث کریں



گے۔ فی الحال اس قدر ہی کافی ہے۔ کہ آپ عام ہندی طریق سے طالع اور جو کچھ ہیں کہوں معلوم کرلیں۔ جو کہ کچھ نہ کچھ جواب نکالنے میں معاون ثابت ہوگا۔ ہاں دو درجہ کا فرق نکال لیں۔

## ۱۰۔ سطر الخرج یا حروف خرج

اس میں دو سطور اوپر نیچے ہوتی ہیں۔ ایک سطر کے مراتب کو دوسری سطر کے مراتب میں جمع کریں اور اگر میزان ۲۸ سے زیادہ ہو تو ۲۸ پر تقسیم کر کے باقی کے عدد سے ابجد قمری کا مرتبہ یا جس دائرہ کا کہا جائے لے لیں۔ یہی سطر خرج ہے اور حروفات کو خرج کرنا بھی اسے ہی کہتے ہیں۔

## ۱۱۔ سطر الانصاف یا سطر المیزان یا سطر التضیف

یہ سب ایک ہی سطر کے مختلف نام ہیں۔ اور طریقہ اس کا میں بیان کر آیا ہوں۔ مگر تھوڑا سا مختلف ہے۔ یعنی حروف کو نصف کریں اگر ناقص ہو تو ایک درجہ تنزل کر دیں۔ ناقص حرف کا مطلب ہے کہ وہ نصف کرنے سے دو حروف پیدا کرتا ہو۔

مثلاً سطر : ب د و ح ی ل ن ع ص ر ش خ ض غ

سطر میزان : ا ب ج د ھ ک م س ف ق ر ش ت ث

یہ ہوئی سطر انصاف یا سطر تنصیف۔

## ۱۲۔ مثلث الجبراء منصوب

بعض دفعہ سوال یا حروف مستحصلہ وغیرہ کو مثلث منصوب میں رکھا جاتا ہے۔ یہ بہت اعلیٰ شے ہے۔ طریقہ اس کا یوں ہے کہ اوپر سے نیچے کیطرف دو لکیریں اس طرح لگائیں کہ اوپر کو ایک نکر بن جائے اور نیچے دو۔ اس طرح ایک تکونی شکل بن جائے گی۔ اب اس کے سب سے اوپر کے خانہ میں ایک حرف لکھیں اس کے نچلے میں دو اس سے نچلے میں تین اس کے نچلے میں چار الخ اسی طرح ایک ایک کا اضافہ کریں۔ پھر اس سے حروف یوں اٹھائیں کہ پہلے، پہلے خانہ کا حرف لکھ کر پھر دوسرے خانہ کا پہلا حرف پھر تیسرے خانے کا الخ بعد میں دوسرے خانہ کا دوسرا حرف پھر تیسرے خانہ کا الخ بعد ازاں تیسرے خانہ کا تیسرا حرف پھر چوتھے کا تیسرا حرف الخ

مثال اس کی یہ ہے مثلاً ۔ حروف :

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف
ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ .

### مثلث منصوب :

اب اس مثال کے حروف کو مذکورہ بالا طریق کے اٹھایا تو مندرجہ ذیل ترتیب سے حروفِ ابجد حاصل ہوتے۔

ترتیب حروف :

ا ب د ز ک[1] ع ت ، ج ہ ح ل[2] ف ش ، د ط[3] م ص خ ، ی ن[4] ق ذ



س[5] ر ض ، ش[6] ظ ، غ




مثلث منصوب علم جفر میں بہت کار آمد ہے۔

## ۱۳۔ مثلث معکوس

علم الجفر کے الجبراء میں جہاں منصوب مثلث ہے تو ایک مقلوب یا معکوس مثلث بھی ہے اس کا قانون ملغوب کے برعکس ہے۔ مثال بیان کر رہے ہیں انشاء اللہ بہت آسانی سے سمجھ میں آجائے گی۔ بعض اوقات یہ دونوں مثالث ایک ہی کلیہ میں بھی کار آمد ہوتی ہیں

**مثال** : ہمارے پاس یہ حروف ہیں۔

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر
ش ت ث خ ذ ض ظ غ

مثلث معکوس اگلے صفحہ پر ہے،




اس مثلث سے جو حروف اٹھاتے تو مندرجہ ذیل ترتیب سے حروف برآمد ہوئے : ا ح ن[1] ق ث ض غ ، ح ط س[2] ر خ ظ ، ج ی ع[3] ش ذ ، د ک[4] ف ت ، ہ ل[5] ص ، و م[6] ز

یہ مثلث معکوس کی ترکیب ہے۔ اور ایک مثلث معکوس در ملضوب بھی ہوتی ہے۔ جو بطریق ملضوب حل ہوتی ہے اور اس کے حروف بطریق ملضوب اٹھائے جاتے ہیں۔ مگر حروف مثلث کے اندر وہ پر ہوتے ہیں جو معکوس مثلث سے حاصل ہوں۔

## ۱۴۔ اضعاف

حروف کو دوگنا تین گنا وغیرہ کرنا۔ اسے ترقی کرنا اور تضعیف وغیرہ بھی کہتے ہیں۔



مثلاً : ک کا م اور م کا ف اور ف کا س ق الخ

عام طور پر سطر اضعاف کا مطلب ہوتا ہے۔ کہ دوگنا کریں

مثلاً سطر : ا ب ج د ہ و ز ح

اضعاف : ب د و ح ی ل ن ع الخ

# اقسام بسائط

## تعریف بسط

بسط بساط باسط وغیرہ یہ سب ایک ہی فعل سے ہیں۔ لغت میں بسط کا مطلب فراخ الگ الگ، کشادہ وغیرہ کے ہے۔ مگر جفر میں اور دیگر اس کے آثار و اجفار کے تمام شعبوں میں مختلف طریق ہیں۔ اور مفہوم اس کا ہے ایک حرف پیدا کرنا۔ ان حروف کو پیدا کرنے کے علماء نے بہت سے طریق وضع کئے ہیں۔ ہم انشاء اللہ ایک الگ کتاب لکھیں گے۔ جس میں جفر کی مکمل اصطلاحات ہوں گی اور اس میں بسط کے ۳۶۰ طریقے مذکور ہوں گے۔ کیونکہ بسط کے کل طریقے ۳۶۰ ہی ہیں۔ ان ۳۶۰ بسائط کو اگر ملخص کیا جائے تو ۲۸ بسائط حاصل ہوتے ہیں۔ جو کہ مشہور اور اہم ہیں۔ ہم اس کتاب میں اجمالاً اٹھائیس بسائط کو بیان کرتے ہیں۔ تاکہ ہمارے قارئین بسط کے قوانین سے واقف ہو سکیں۔

## بسط حرفی

سوال کے حروف یا علیم آثار میں اسماء وغیرہ کو الگ الگ حروف لکھنے کو بسط حرفی کہتے ہیں

مثلاً : احمد کی بسط حرفی ا ح م د

اس بسط کو بسط عددی ملفوظی بھی کہتے ہیں. بسط ظاہری و باطنی اور بسط لفظی بھی اسی بسط کو کہتے ہیں. اور اس کی ایک قسم تو بیان تو ہو گئی. جو کہ یقینی بسط حرفی ہے. اور دوسری قسم کو بعض حکماء بسط میں شمار نہیں کرتے اور ان کا قول ہے کہ یہ بسط بھی اقسام جمل سے ایک قسم ہے مگر چونکہ قدیم حکماء نے اس کو بسط ہی کے ضمن میں لکھا ہے. اس لئے لکھ دیتے ہیں. بسط عددی حرفی جس کا تذکرہ آئندہ آئے گا. اس بسط سے جب حروف حاصل کر لیے جائیں تو ان حروف کے اعداد کو جمع کر کے اس کے حرف بنانے کو بسط حرفی کہتے ہیں.

## ۱۷ - ۲ - بسط عددی حرفی

بسط عددی حرفی کی دو اقسام ہیں ایک بسط عددی حرفی دوسری بسط عددی ترکیبی.

### بسط عددی حرفی (الف)

اول الذکر طریقہ سے حروف الگ الگ لکھ لیں، یعنی بسط حرفی کر لیں



پھر ہر حرف کو ملفوظی کر لیں یعنی جس طرح بولا جاتا ہے. مثلاً الف با جیم دال وغیرہ - پھر ہر حرف ملفوظی کے عدد حاصل کریں اور ان اعداد کے حروف بنائیں اور اس بسط کے حروف کو حروف مستنطقہ یا حروف ناطقہ یا حروفِ استنطاق بھی کہتے ہیں.

مثلاً : احمد

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ملفوظی | : الف | حا | میم | دال |
| اعداد | : ۱۱۱ | ۹ | ۹۰ | ۳۵ |
| حروف | : ای ق | ط | ص | ہ ل |

بسط عددی حرفی

## ۱۸ - بسط عددی ترکیبی (با)

بسط حرفی کریں یعنی الگ الگ حروف درج کریں. پھر اس کے اعداد حاصل کریں پھر ان اعداد سے بذریعہ احاد عشرات مآت حروف بنائیں مثلاً

ا ح م د

۱ + ۸ + ۴۰ + ۴ = ۵۳ = ج ن

لفظ احمد کی بسط عددی ترکیبی کے ذریعے حروف : ج ن برآمد ہوتے

## ۱۹ - ۳ بسط طبعی

اس بسط کو بسط مقوی اور بسط امّہاتی بھی کہتے ہیں. کیونکہ یہ باعتبار عناصر ایک دوسرے کے مربی حروف ہوتے ہیں یا ایک دوسرے کے مربّی حروف

ہوتے ہیں۔ یا ایک دوسرے کے ساتھ مل کر قوت پکڑتے ہیں۔ جیسے اچھے انسان کا مقوی اچھا انسان اور بُرے کا برا ہے۔

اسی طرح آگ (آتش) کا مربی یا مقوی عنصر ہوا۔ (باد) ہے کیونکہ ہوا آگ (آتش) کو بھڑکاتی ہے۔ اور زیادہ آگ لگاتی ہے۔ اسی طرح خاکی کا مربی یا مقوی عنصر آبی ہے۔ کیونکہ پانی ہمیشہ مٹی پر رہتا ہے اور مٹی میں جذب ہو کر رہتا ہے۔ ان میں باہمی رشتہ ہے۔ پانی مٹی میں اور مٹی پانی میں رہتی ہے چنانچہ ایک دوسرے کے ساتھ مضبوط ہیں۔ اور ایک دوسرے کے مربی ہیں۔

بسطِ طبعی کا مطلب حروف آتش کو باد اور حروف باد کو آتش سے تبدیل کرنا ہے۔ حروف خاک کو آب اور آب کو خاک میں بدل دینا ہی بسطِ طبعی کہلاتا ہے۔ مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ ہم بدرجہ وقت درجہ دقیقہ اور ثانیہ کا خیال رکھیں۔ بلکہ آتشی حرف کو کسی بھی بادی حرف سے بدل سکتے ہیں۔ اور بادی کو کسی بھی آتشی سے بدل سکتے ہیں۔

مگر بعض مستحصلات جو کہ بسطِ طبعی سے حل ہوئے ہیں۔ ان میں درجہ دقیقہ ثانیہ وغیرہ کے لحاظ سے بدل کر حروفِ مستحصلہ یا حرف قوی و مربی صرف منتخب کیا جاتا ہے۔ اور اس کے باقاعدہ قوانین ہوتے ہیں۔ اب ہم بسطِ طبعی کی مثال بیان کرتے ہیں۔

ا ح م د بسط حرفی

و س ی ق بسط طبعی

یہ جو بسطِ طبعی ہم نے کی ہے۔ ان کا کوئی بھی درجہ دقیقہ وغیرہ موافق نہیں



ہیں۔ لیکن اس کو بسطِ طبعی ہی کہیں گے۔ آثارِ عملیات میں بھی اس کے بعض اصول ہوتے ہیں۔ جن میں درجہ دقیقہ کا حساب رکھا جاتا ہے۔

## ۲۰ ۔ بسطِ عزیزی

بسطِ عزیزی بہت اعلیٰ قانون ہے۔ اور اس کے عملیات وغیرہ میں بہت تاثیر ہوتی ہے۔ اور جفر بد و خلیف میں بھی اس کا خاص مقام ہے۔ اس کے دو مشہور طریقے ہیں۔ افلاطون ارسطاطالیس ام ہوٹپ گشتاسپ اور دیگر حکماء کے اقوال بسطِ عزیز کے متعلق تو متقدمین کا قول کہلاتا ہے۔

ابوزکریا رازی بوعلی سینا فالابی البیرونی اور حکماء مسلمان کے اقوال متاخرین کے اقوال کہلاتے ہیں۔ چنانچہ ہم جس جگہ متقدمین اور متاخرین کا تذکرہ کریں تو یہی ہستیاں تصور کریں۔

## ۲۱ ۔ بسطِ عزیزی طریقہ اول

اس طریقے سے حکماء متقدمین بسطِ عزیزی حاصل کرتے تھے مگر ان کا قول طباع حروف کے لحاظ سے مختلف تھا۔ اس میں درجہ کو درجہ دقیقہ کو دقیقہ سے بدلا جاتا ہے۔ آتش جس درجہ کا ہے۔ باد کے اسی درجہ سے بدلے گا۔ اور خاک جس درجہ کا ہے۔ آب کے اسی درجہ سے بدلے گا۔ ا

اس کی قدیم جدول میں درج کر رہا ہوں۔

جدول اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

## جدول حکماء قدیم

| ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذ | ش | ف | م | ط | ہ | ا | آتش |
| ض | ت | ص | ن | ی | و | ب | خاک |
| ظ | ث | ق | س | ک | ز | ج | باد |
| ع | خ | ر | ع | ل | ح | د | آب |
| خامسہ | رابعہ | ثالثہ | ثانیہ | دقیقہ | درجہ | مرتبہ | درجات |

اس قانون کے تحت اگر ہم **احمد** کو بسطِ عزیزی میں لکھیں گے تو صورت یہ ہوگی۔

ا ح م د

ج و س ب

یعنی آ مرتبہ آتش ہے اس کو مرتبہ باد سے بدلا تو ج ہوا۔ اسی لحاظ سے مراتب کا خیال رکھ کر بدلیں۔ بعض لوگ عملیات میں اسی طریق کو ترجیح دیتے ہیں۔

### ۲۲۔ بسط عزیزی دوئم

بعد میں آنے والے حکماء نے اس طریق کو بدل دیا اور مندرجہ ذیل طریق کو اپنایا۔ مثلاً افلاطون وغیرہ نے اس قانون کی پیروی کی۔ ان کا کہنا ہے کہ آتش خاک سے اور خاک آتش سے بدل جائے گا۔ آب، باد سے اور



باد آب سے بدل جائے گا۔ جیسے: ا ح م د کا

ب ز ن ج بسط عزیزی ہوا

### ۲۳۔ بسط مراتبی

دراصل ترفع تنزل حروف کی دو حیثیت ہیں۔ حروف کا بلحاظ درجہ مرتبہ اعداد ارتفاع تنزلات بسط مراتبی کہلاتا ہے۔ بسط ترفع اور تنزل کی چھ چھ اقسام ہیں۔ یعنی دونوں کی کل بارہ اقسام ہیں۔ ہم ان بارہ ترفعات اور تنزلات البساط کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اول ترفعات کا تذکرہ آتا ہے۔ کیونکہ یہ اولیٰ قسم ہے۔

### ۲۴۔ ۵: بسط ترفع عددی

بسط عددی سے مُراد اعداد کا اپنے درجہ سے ترقی کرنا ہے۔ یعنی اگر ہماری پاس حرف احاد کا ہے تو اسے بذریعہ ایقع ترفع دیں یعنی احاد کو عشرات میں لے جائیں اور عشرات کو مآت میں لے جائیں۔ مثلاً ہمارے پاس

حروف: ا ح م د

ی ف ت م ترفع عددی یعنی (ا) مرتبہ احاد

پر ہے تو عشرات (۱۰) کر دیا۔ جس کا حرف (ی) ہے۔ اور (ح) مرتبہ احاد پر ہے تو (ف) کر دیا جو عشرات ہے (۸۰) ہے۔ تو ف (۸۰) ہے اس م عشرات (۴۰) ہے۔ (۴۰۰) ت کر دیا۔ د احاد ۴ ہے تو عشرات

۴۰ م کر دیا۔ اس کو بسط ترفع عددی کہتے ہیں۔

## ۲۵ = ۶ - بسط ترفع حرفی

حروف کو ابجد قری میں ترفع دینا بسط ترفع حرفی کہلاتا ہے

مثلاً : ا ح م د

بسط ترفع حرفی : ب ط ن ھ

## ۲۶ = ۷ بسط ترفع طبعی

ترفع طبعی میں حروف آبی کو بادی سے اور بادی کو خاکی سے بدلا جاتا ہے۔ اور خاکی کو آتشی سے بدلا جاتا ہے۔ چونکہ آتشی اعلیٰ وارفع عنصر ہے اس لئے یہ کسی حروف سے تبدیل نہ ہو گا۔

مثلاً : ا ح م د

بسط حرفی طبعی : ا ز م ج

## ۲۷ = ۸ - بسط ترفع بالطبع

حروف کو ان کی طبع کے موافق مرتبہ ترقی میں لانا جیسے ا ھ ط م ف ش ذ آتشی حروف ہیں۔ الف کا بسط ترفع بالطبع ھ اور ھ کا ط اور ط م الخ

مثال : ا ح م د



ھ ل ف ح = بسط ترفع بالطبع

## ۲۸ = ۹ - بسط ترفع اوتار

اوتار وتر کی جمع ہے اور عربی میں وتر طاق یا مفرد عدد کو کہتے ہیں جو حروف احاد طاق ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ " ا ج ھ ز ط " اور جو حروف عشرات طاق ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ " ی ل ن ع ص " اور مآت ہیں ق ش ث ذ ظ " اور الوف میں صرف غ اوتار کہلاتے ہیں ترفع اوتار کا مطلب ہے کہ جو حروف اوتار ہوں ان کو ان کے مرتبہ کے لحاظ سے ترقی دیں۔ مثلاً احاد میں ھ کا ترفع نہ ہوا۔

مثلاً دیگر : ا ح م د

ترفع اوتار : ج ح م د

اس میں حروف ازواج یعنی زوج حروف مثلاً ب د و ح وغیرہ بذاتِ خود قائم رہیں گے اور اوتار کا آخری مرتبہ بھی خود قائم رہے گا کیونکہ مابعد کوئی حرف نہیں ہے۔

## ۲۹ = ۱۰ - بسط ترفع ازواج

ازواج معنی بہت سے جوڑے کیونکہ زوج عربی میں جوڑا کو کہتے ہیں۔ اور یہ وتر کی ضد ہے۔ کیونکہ زوج جفت کو کہتے ہیں۔ مرتبہ احاد میں حروف زوج یہ ہیں۔ ب د و ح اور عشرات میں ک م س ف

اور مآت میں " ر ت خ ض ۔ یہ حروف ازواج ہیں. ترفع ازواج کا مطلب ہے کہ جو حروف آپ کے پاس ہو ان کو ان کے مرتبہ میں ترقی دیں۔ مثلاً احاد میں ب کا ترفع زواجی دَ اور دَ کا وَ اور وَ کا خَ اسی طرح عشرات و مآت میں فرض کرلیں.

اس میں بھی حَ فَ ضَ چونکہ ہر زوج میں آخری مرتبہ پر واقع ہیں. اس لئے بذاتِ خود قائم رہیں گے. اور طاق حروف بھی بذاتِ خود قائم رہیں گے. مثلاً : ا ح م د

ترفع زواجی : ا ح س د

چونکہ الف مفرد حرف ہے. زوج نہیں اس لئے بذاتِ خود قائم رہا اور حَ آخری مرتبہ احاد میں زوج ہے. اس لئے قائم رہا اور مَ کو مرتبہ عشرات سَ سے بدلا اور دَ کو وَ سے بدلا.

## ۳۰ ؎ ۱۱ - بسط تنزل عددی

بسط تنزل عددی سے مراد حروف کا اپنے مرتبہ سے کم ہوتا ہے اگر کوئی مرتبہ احاد کا حرف ہو تو وہ اپنے مرتبہ سے نہیں گر سکتا. کیونکہ اس سے کم مرتبہ کسی کا نہیں ہے.

مثلاً مَ کا مرتبہ ۴۰ ہے یا اپنے مرتبہ سے گرا تو ۴ یعنی دَ ہوا. اسی طرح خَ کا مرتبہ ۶۰۰ ہے. ایک درجہ کم ہوا تو ۶۰ سَ ہوا. اور جب دو درجہ کم ہوا ۶ ہوا. تو ۶ و ہوا. الخ



مثلا : احمد : ا ح م د

بسط تنزل عددی : ا ح د د

## ۳۱ ؎ ۱۲ - بسط تنزل حرفی

بسط تنزل حرفی کو آپ بسط ترفع حرفی کے برعکس خیال کریں اس میں الف بذاتِ خود قائم رہتا ہے. کیونکہ اس کا پچھلا حرف کوئی نہیں ہے. مگر بعض حکماء نے بعض قواعد میں الف سے پچھلا حرف غ لیا ہے. اس بسط سے مراد ہر حرف کا پچھلا حرف لینا ہے. مثلا : احمد

ا ح م د

ا ز ل ج تنزل حرفی.

## ۳۲ ؎ ۱۳ - بسط تنزل طبعی

اول درجہ آتش دوئم باد سوئم آب اور چہارم خاک ہے اور تنزل طبعی سے مراد حروف کو کم سے کم درجہ میں لے آنا ہے. چونکہ اعلیٰ درجہ آتش ہے. اس سے کم باد پھر آب اور پھر خاک. جو حروف درجہ آتش کے ہیں ان کو درجہ باد سے بدل دیں. اور باد کو آب سے اور آب کو خاک سے بدل دیں۔

مثلاً : ا ح م د

ج و س ب بسط تنزل طبعی

## ۳۳ ؍ ۱۴ - بسط تنزل بالبطع

جس حرف کو تنزل بالبطع کرنا ہو اسے اسی کے عنصر میں تنزل یعنی پیچھے کر دیں مگر آ آتش میں ب کا باد میں ج کا آب میں اور د کا خاک میں تنزل نہ ہوگا۔ مثلا : ا ح م د

ا د ط د تنزل بالبطع

## ۳۴ ؍ ۱۵ - بسط تنزل اوتار

احاد میں اوتار یعنی وتر " ا ح ہ ز ط " ہیں۔ اور عشرات میں وتر حروف " ی ل ن ع ص " ہیں۔ اور مآت میں وتر حروف ق ش ث ذ ظ " ہیں۔ حروف اوتار سے "ا ی ق غ" کا تنزل ممکن نہیں ہے۔ یہ حروف بجائے خود قائم رہیں گے۔ اور ان کے علاوہ حروفِ ازواج بھی خود قائم رہیں گے۔ اور جو حروف مفرد یعنی حروف طاق ہوں۔ تو اس حروف کو بسط اوتار دیں گے۔ اگر احاد ہے۔ تو احاد میں تنزل کریں گے۔ اگر عشرات ہے۔ تو عشرات میں تنزل کریں گے۔ اگر عشرات ہے تو عشرات میں تنزل کریں گے۔ اگر مآت ہے۔ تو مآت ہیں

مثال : نازش

ن ا ز ش

ل ا ھ ق تنزل اوتار



## ۳۵ ؍ ۱۶ بسط تنزل ازواج

بسط تنزل ازواج بسط تنزل اوتار کے برعکس ہے، یعنی حروف جفت میں احاد عشرات مآت کے حساب سے تنزل کریں۔ اس میں " ب ک ر " بذاتہٖ قائم رہیں گے اور اس کے علاوہ حروف طاق قائم رہیں گے

احاد : ب د و ح

عشرات : ک م س ف

مآت : ر ت خ ض

مثال : احمد

ا ح م د : بسط حرفی

ا و ک ب : بسط تنزل ازواجی

## ۳۶ ؍ ۱۷ بسط تجمّع

اس بسط کے دو طریق ہیں۔ اگرچہ اپنے اپنے مقام پر دونوں درست ہیں۔ لیکن طریقہ اول افضل ہے۔ بسط تجمع طالب اور مطلوب کے ناموں کو یا طالب اور اسماء الٰہی کو جمع کرنا یا طالب اور سوال کے اعداد کو جمع کرنا کو کہتے ہیں۔ اس کی مثال یہ ہے

مثلاً : طالب : احمد

مطلوب : اللہ

احمد : ا ح م د

اللہ : ا ل ل ہ

جمع ۲ ۳۸ ۷۰ ۹

حروف : ب ح ل ع ط بسط تجمع

دوسرا بسط تجمع یوں ہوتا ہے. کہ مثلاً طالب احمد کے ۵۳ اور مطلوب اللہ کے ۶۶ کو جمع کر دیں. ۵۳ + ۶۶ = ۱۱۹ اس کے حروف ط ی ق یہ بسط تجمع کا دوسرا طریقہ ہے.

## ۳۷ ، ۱۸ بسط تناصف

اس بسط سے مراد ہے. کہ جو حروف قابل نصف ہوں. ان کو نصف کر کے استنطاق کریں اور حروف حاصل کریں. مثلاً

کرامت : ک ر ا م ت

ی ق ا ک ر بسط تناصف

یہ ہوا بسط تناصف اس کی اقسام میں سے ایک قسم کا ہم کسورات عدد دلہ تسعہ کی جدول اور دوسری سے کسورات کاملہ حرفی کی جدول دوائر کے ضمن میں درج کریں گے.

## ۳۸ ، ۱۹ بسط تنصیف

اس سے مراد حروف کو اس وقت تک نصف در نصف کرتا ہے کہ



کوئی ناقابل نصف حرف برآمد ہو. مثلاً : ا ح م د

ا ۔ بذاتِ خود قائم رہے گا. کیونکہ اس کا نصف نہیں ہو سکتا.

ح ۔ د ب ا بسط تنصیف ہے.

م ۔ ک ی ہ بسط تنصیف ہے.

د ۔ ب ا بسط تنصیف ہے

چنانچہ بسط تنصیف سے مندرجہ ذیل حروف حاصل ہوئے.

" ا ح د ب ا م ک ی ہ د ب ا "

## ۳۹ ، ۲۰ بسط تضارب

اس بسط کے کئی طریق ہیں. جن میں سے چند مشہور طریق کو ہم یہاں بیان کرتے ہیں. امید ہے کہ پڑھنے والے مستفید ہوں گے. بسط تضارب کا پہلا قانون تو یہ ہے کہ دو الفاظ میں سے ایک لفظ کے پہلے حرف کا دوسرے لفظ کے پہلے حرف کے ساتھ ضرب دیکر حرف یا حروف حاصل کرنا. یہ قانون مستحصلہ اور علم الآثار دونوں میں یکساں مفید ہے.

مثلاً : احمد اور اللہ

ا ح م د طالب

ا ل ل ہ مطلوب

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسط تضارب | ا | ۲۴۰ | ۱۲۰۰ | ۲۰ |
| حروف بسط | ا | ر | ر | غ | ک |

دوسرا طریقہ بسط تضارب کا یہ ہے۔ کہ ایک لفظ کے اعداد کو دوسرے لفظ کے اعداد میں ضرب دیکر حروف حاصل کریں۔ جو حروف حاصل ہوں گے یہ بسطِ تضارب کے حروف ہیں۔

مثلاً : احمد عدد = ۵۳

اللہ عدد = ۶۶

ان دونوں کو ضرب دی ۵۳ × ۶۶ = ۳۴۹۸ اس کے حروف احاد عشرات مآت کے حساب سے ح ص ت ج غ یہی حروف بسط تضارب ہیں۔ اہل مستحصلہ زیادہ تر اسی قانون کو لیتے ہیں اور علم آثار والے طریق اول کو معتبر مانتے ہیں۔ مگر یہ دونوں طریق ان دونوں شعبوں میں نہایت کارآمد ہیں۔

بعض مستحصلات میں لکھا ہوتا ہے کہ اساس بذریعہ بسط تضارب بنائیں اور اسے نظیرہ بھی بسط تضارب سے دیں تو وہ اس طرح بنائی جاتی ہے کہ سوال کے اول لفظ کے اعداد کو دوئم لفظ کے اعداد میں ضرب دیگر حروف لیں۔ پھر سوئم لفظ کے اعداد کو چہارم لفظ کے اعداد میں ضرب دیکر حروف حاصل کرتے جائیں یہ تو ہوئی اساس بسطِ تضارب اس کے حروف کو بسطِ تضارب سے نظیرہ دینے کا مفہوم یہ ہے کہ پہلے دو الفاظ کے حاصل ضرب حروف اور دوسری دو الفاظ کے حاصل ضرب حروف کو اوپر نیچے لکھ دیں اب ان کے اوپر نیچے کے حروف کو ایک دوسرے میں ضرب کر کے بطریق اول الذکر بسط تضارب ضرب دیں جو حاصل ہوگا۔ وہ اساس بسطِ تضارب کا نظیرہ بسط تضارب ہوگا۔ اسی بسط کے



تین مختلف طریقے اور بھی ہیں۔ جن کو بسط تقویٰ کہتے ہیں۔ ان میں سے بعض کا تو حکماء نے ذکر کیا اور بعض کا نہ کیا۔ مگر ہم دونوں اقسام کی ضربات کا ذکر کرتے ہیں۔

## ۴۰ ؍ ۲۱ بسط تضارب باطن

اسی ضرب کو ضرب باطن در باطن بھی کہا جاتا ہے اور یہی ضرب بسط تقویٰ کا طریق اول بھی مشہور ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جس حرف کو ضرب باطن دینی ہو اس کے اعداد ابجد قمری کو اسی عدد میں ضرب دیں۔ اور حاصل ضرب سے جو کچھ حاصل ہو اس کے حروف بنالیں یہی حروف بسط تضارب باطن کے نام سے موسوم ہیں۔ اور ضرب فی نفسہٖ بھی رکھنے ہی کو کہتے ہیں

مثلاً : ا ح م د

ا ۸ ۴۰ ۴

ضرب فی نفسہٖ عدد : ا ۶۴ ۱۶۰۰ ۱۶

بسط تضارب حروف : ا دس خ غ دی

بعض اسے سطر مستحصلہ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ کئی جگہ اسی طریق سے جواب پیدا کیا جاتا ہے۔ یعنی جب آخری سطر حاصل ہوتی ہے۔ تو اس کو ضرب باطن دیگر بسطِ تضارب باطن حاصل کر لی جاتی ہے یہی جواب ہوتا ہے۔ اسے مختلف طریق سے نشست و برخاست کر کے جواب میں ڈھال لیا جاتا ہے۔

## ۴۱ ۔ ۲۲ بسطِ تضارب ظاہرہ

اسے بسط تقویٰ ثانیہ بھی کہتے ہیں اور بسط ظاہر در ظاہر بھی اسی کا نام ہے۔ در اصل یہ ضرب مراتبی ہے اسی لئے بعض اس کو مراتبی ضرب کہتے ہیں مگر ہم مراتبی ضرب کا ذکر کر آئے ہیں۔ اس میں اگر ل ہے تو اس کا مرتبہ معلوم کر مرتبہ ۱۲ ہے اب ہم بارہ کو بارہ میں ضرب دیں گے۔ اور حاصل سے حروف بنائیں گے۔ یہ حروف بسط تضارب ظاہر کہلاتے ہیں۔

مثلا : ا ح م د

بسط تضارب ظاہر : ۱ " دس " ط س ق " وی "

## ۴۲ ۔ ۲۳ بسط تضارب باطن در ظاہر

اس کو بسطِ تقویٰ ثالثہ اور بسط ظاہر در باطن یا باطن در ظاہر کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اکثر علماء جفر نے اسے بہت مفید مانا ہے۔ اس بسط کو حروف مستحصلہ بھی کہا جاتا ہے۔ بعض صاحب علم نے اسی کو مستحصلہ مانا ہے۔ اس کا قانون یہ ہے کہ حرف کے عدد کو مرتبہ میں ضرب دیں۔ حاصل سے حروف پیدا کر کے ایک سطر لکھیں یہی بسط باطن در ظاہر ہے۔

مثلا : ا ح م د

بسطِ تضارب : ۱ ، دس ، ک ش ، وی = باطن در ظاہر



## ۴۳ ۔ ۲۴ بسطِ تمازج

دو سطروں میں یا طالب مطلوب میں سے ایک حرف طالب ایک حرف طالب ایک مطلوب یا ایک حرف ایک سطر کا اور دوسرا دوسری سطر سے لے کر ان کو باہم جمع کریں اور جو عدد حاصل ہو اس سے احاد عشرات کے حساب سے حروف بنائیں

مثلاً : ا ح م د = طالب

ا ل ل ہ = مطلوب

۹ ۷۰ ۳۸ ۲

بسط تمازج : ب ح ل ع ط

اسی بسط کا ذکر ہم بسط تجمع میں کر آئے ہیں۔ اب اس کی دوسری قسم ملاحظہ ہو۔ دوسرا طریقہ اس کا نہایت سادہ ہے مگر حروف بدل جاتے ہیں۔ طریقہ یوں ہے کہ جو سطر اول کا حرف ہو اسے دائیں طرف بلحاظ عدد رکھیں۔ اور دوئم کو بائیں طرف پھر ان سے حروف پیدا کریں

مثلاً ا ح م د طالب سطر اول

ا ل ل ہ مطلوب سطر ثانی

۱۱ ، ۳۸ ، ۳۰۴۰ ، ۵۴

ای ح ل م ش دن

اس میں خواہ آخری درجہ ہزار تک پہنچ جائے مگر اس کا حرف ہم

مات کا ہی لیں گے۔

## ۲۵ ، ۲۴ بسطِ تضاعف

اس کو اضعاف و تضعیف بھی کہتے ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جو حرف ہمارے پاس ہوں جسے بسط تضاعف میں لکھنا ہو اس کے عدد دوگنا کر کے اس کے حروف بنا لیے۔ مثلاً : ا ح م د

بسط تضاعف : ب ، دی ، ف ، ح

## ۲۶ ، ۲۵ بسط تواخی

اس کو بسط متشابہ بسط مشارکہ بسط تزوج بسط متشابہ اور بسطِ متزاوجہ بھی کہتے ہیں۔ مفہوم اس کا حرف کو اس کے ہمشکل حرف سے بدلنا ہے جیسے ب کو "ت" سے اور ث کو "ش" سے اور خ کو "ح" سے اور "د" کو "ذ" سے "ح" کو "خ" سے حروفِ تواخیہ کا جدول ہم آئندہ دوائر کے ضمن میں بیان کریں گے۔ مثلاً، ا ح م د

بسط تواخیہ : ا ج م ذ

## ۲۷ ، ۲۶ بسط تکسیر

حرف کے عدد میں جو کسر جتنی بار تقسیم ہوتی ہو۔ اسے تقسیم کرتے ہوئے حروف لیتے جانا بسط تکسیر ہے اور جنکی کسر نہ نکلتی ہو۔ وہ بذاتِ خود قائم رہیں



گے۔ انہیں ترک نہیں کیا جائے گا۔ نو تک کی کسور کامل ہوتی ہیں۔ ہم دوائر کے ضمن میں کسورِ تسعہ کا نقشہ پیش کریں گے۔

## ۲۸ ، ۲۷ بسط مداخل اربعہ

جمل کبیر جمل وسیط جمل صغیر جمل اصغر

مدخل کبیر مدخل وسیط مدخل صغیر مدخل اصغر کو ہم نے تفصیلاً پچھلے اوراق میں بیان کیا ہے۔ انہیں کے ذریعے حروف بنانے کو بسط مداخل اربعہ یا جمل اربعہ کہتے ہیں۔

## ۲۸ ۔ اعداد مفصل

ابجد قمری سے اعداد لیں مگر حروف کو ملفوظی کر کے

مثلا : ا ح م د

الف حا میم دال

۱۱۱ + ۹ + ۹۰ + ۳۵ = ۲۴۵ اعداد مفصل

## ۲۹ ۔ اعداد مبسوط

یہ اعداد ابجد عربی عددی سے لیتے جاتے ہیں ابجد عربی عددی کا نقشہ دوائر کے ضمن میں آئے گا۔

## ۵۰۔ امتزاج

دو سطور کو آپس میں ملانا یعنی ایک حرف پہلی سطر کا اور دوسرا دوسری سطر کا لے کر ایک تیسری سطر پوری کرنا مثلاً

پہلی سطر : ا ب ج د ہ و ز

دوسری سطر : ب ج د ہ و ز ح

امتزاج : ا ب ب ج ج د د ہ ہ و و ز ز ح

## ۵۱۔ حروف ملفوظی

وہ حروف جو ادائیگی کے وقت تین حروف سے مرکب ہوں۔ مثلاً الف جیم دال کاف لام سین عین صاد وغیرہ وغیرہ ان کو حروف ملفوظی کہا جاتا ہے۔ جو حروف ادائیگی کے وقت دو حروف سے مرکب ہوں۔ مثلاً با ھا زا حا طا یا وغیرہ

## ۵۲۔ حروف مکتوبی

نیچے میزان کے خانہ میں آپ کو دو عدد لکھے ہوئے نظر آئیں گے دراصل ایک عدد تو وہ ہے جو میزان حروف السمانیہ سے حاصل ہوا اور دوسرا عدد خانہ کو نفی کرنے کے بعد حاصل ہوا۔

مستحصلہ خام کی سطر میں ہم نے ان دونوں عددوں کے حروف لکھ دیئے۔ مستحصلہ قوی میں نظیرہ کو ملفوظ رکھتے ہوئے وہ حروف لے لئے جو جواب پہ ناطق ہیں۔ پھر انہیں نظیرہ دیا۔ جو کہ نظیرہ کے محتاج ہوں۔ انہیں نظیرہ اور جو بغیر نظیرہ کے جواب میں گویا ہیں ان کو یعنہ رہنے دیں۔ پھر آخر میں ترتیب حروف دیں۔ یعنی جس ترتیب سے تقدیم و تاخیر سے جواب گویا کر رہے ہوں۔ ان کو مرتب کرے۔ جواب ہے۔

## سطر دہم حروفِ دور

اس سطر کو اس طرح پورا کیا جاتا ہے۔ کہ سطر نہم کے اعداد کو ابجد قمری میں شمار کریں جس شمار پر گنتی ختم ہو وہی حرف دور ہے۔

مثلاً ۱۲ ہے تو ل ۱۴ ہے تو ن عدد ۸ ہے۔ تو ح حرف ہے اسی طرح یہ سطر مکمل ہوتی ہے۔

صاحب صفحاتِ فرقان نے اس سطر کو "معنی العدد" اور صاحبِ قوت الحروف نے اسے "سرِ الاعداد" اور صاحبِ کشف المکنون وعلم المکنون نے اسے سطر "روح الاعداد" لکھا ہے اور صاحبِ سرِ الاخبار، تعلیم الحروف اور کشف الغیب نے اسے "جسد الروح" لکھا ہے۔

کئی اصحاب مثلاً علامہ شاہ گیلانی اور حکیم عنایت اللہ علم بردار نے اسے حروف دور لکھا ہے۔ چونکہ ہم وہ اصطلاحات لکھ رہے ہیں۔ جن سے عوام واقف ہیں۔ اس لئے ہم بھی عام طور پر وہی اصطلاح بیان کرتے ہیں جو عام ہو۔

نوٹ : اس سطر میں یہ بات خاص طور پر ملحوظ رکھیں کہ اگر عدد ایسا ہو جو حروف کے قابل ہو۔ مثلاً ۳۰۔ ۴۰۔ ۵۰ ۲۰ وغیرہ تو ان کے حروف وہی لئے جائیں گے جو اعداد کے مطابق ہوں۔

مثلاً ۳۰ کا ل ۴۰ کا م الخ اور اگر حروف ایسے ہوں مثلاً ۵۴ یا ۲۹ وغیرہ تو ۴۵ کا ۹ لے کر عدد ط اور اگر ۲۹ ہو تو ۱۱ ہوا ک ہے۔ بس اسی طرح حروف پیدا کریں۔

ان شاء اللہ اس ترکیب کو آپ آسان اور بہتر طور پر سمجھ گئے ہوں گے



یعنی اگر ۷ ہو تو ز اگر ۹ ہو تو ط اگر ۱۳ ہو تو م اگر ۲۹ ہو تو چونکہ ۱۱ ہے ک ہوا۔ ۳۰ ہو تو ل ۵ ہو تو ن اگر ۶۵ ہو ۱۱ ک ہوا

## سطر یازدہم حروفِ قوی

اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ حو حرف کہ سطر دہم میں ہوا سے دیکھو کہ ابجد قمری میں اس کا مرتبہ کیا ہے۔ اس کا مرتبہ وہی ہوگا۔ جس شمار سے وہ سطرِ دہم میں پیدا ہوا ہے۔ پھر اس حرف کے مقابل اوپر کی طرف سطر اساس میں دیکھیں کہ کونسا حرف ہے۔ پس اس حرف کو چھوڑ کر حرف کے مرتبہ کے موافق (جتنے عدد کہ اس حرف کے ہوں جو سطر دہم میں ہے) انہی اعداد کے مطابق حرف اساس سے دائرہ خمسہ ابجدی میں داہنی جانب شمار کریں۔ اور جس حرف پر شمار ختم ہو اس حرف کو دیکھیں کہ وہ حرف سطر دہم کے مراتب ترفع ترقی مساوات تنزل میں سے کسی میں ہے یا نہیں اگر ہو تو اس کو سطر یازدہم میں لکھ لیں اور اگر نہ ہو تو حرف اساس سے یا تیں جانب کو بمقدار حرف سطر دہم کے اعداد کے شمار کریں (دائرہ خمسہ ابجدی) میں۔ جہاں شمار ختم ہو اس حرف کو دیکھیں کہ وہ حرف سطر دہم کے مراتب، مساوات ترفع ترقی تنزل میں ہے یا نہیں۔ اگر ہو تو لکھ لیں اور اگر نہ ہو تو پھر حرفِ اساس سے جو پہلے چھوڑ دیا تھا۔ جانب راست و چپ شمار کر کے دیکھیں۔ جس حرف پر شمار ختم ہو اگر وہ قسم ترفع ترقی تنزل مساوات حرف سطر دہم میں ہو تو لکھ لیں ورنہ ترک کر دیں۔

اب چونکہ پہلے ہم نے نفس حرف کو شامل کیا۔ پھر نفس حرف کو چھوڑ

کو گنتی کی مگر حرف نہ ملا۔ پھر حرفِ نظیرہ سے اسی طرح پہلے نفس حرف کو شامل کر کے دائیں اور بائیں پھر نفس حرف کو چھوڑ کر دائیں اور بائیں طرف گنتی کریں۔ اس سے حرف کو ترفع تنزل ترقی مساوات کی شرط پر پرکھیں اگر حرف مل جائے تو فبہا ورنہ ایک ایک عدد کم یا زیادہ کر کے دائیں بائیں سمت شمار کریں۔ اگر پھر بھی نہ ملے تو سات سات کی گنتی کر کے حرف دیکھیں اگر پھر بھی نہ ملے تو ۹۔۹ کی گنتی کریں۔ اسی طرح ۲۰۔۲۰ کی گنتی کریں اگر پھر بھی نہ ملے تو ۳۰۔۳۰ کی گنتی کریں۔ ان شاءاللہ کسی نہ کسی قاعدہ سے ضرور حرف ملے گا۔

مگر اس میں یہ ضرور خیال رکھیں کہ دائرہ خمسہ ترفع ترقی تنزل مساوات کے حروف مطلوب تلاش کرنے میں دائرہ خمسہ کے درمیان کا حرف چھوڑ کر جو حرف کہ ہر چہار طرف اس کے ہیں ان میں سے حرف لیں تاکہ حرف طالب میں سے اگر قاعدہ مذکورہ میں سے کوئی حرف پیدا نہ ہو تو مندرجہ ذیل طرح دیں۔

| افلاک | بروج | منازل قمر | درجات |
|---|---|---|---|
| ۹-۹ | ۱۲-۱۲ | ۲۸-۲۸ | ۳۰-۳۰ |

وہ حروف نہ لیں جو سطر دہم میں موجود ہو۔ بلکہ اس کی ترفع ترقی تنزل مساوات کا جو حرف مطلوب ملے وہ لے لیں اور جو حرف درمیانی ہے۔ وہ بھی نہ لیں۔ اور اگر ضرورت ہو بہت تب لیں۔ نقشہ طرح مندرجہ ذیل ملاحظہ فرمائیں۔



| ترتیب طرح | نفس متحرک کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے | شامل کر کے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانب | راست | راست | چپ | راست | چپ | راست | چپ | چپ |
| ترتیب طرح | طرح ۳۰ | طرح ۳۰ | طرح ۳۰ | طرح ۹ | طرح ۹ | طرح ۱۲ | طرح ۳ | طرح ۲۸ |
| جانب | راست | راست | چپ | راست | چپ | راست | چپ | چپ |

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طرح ۲۰ | طرح ۲۰ | طرح ۲ | طرح ۲ | طرح ۷ | طرح ۷ | طرح ۷ |
| چپ | راست | چپ | چپ | راست | چپ | راست |

## مثال سطر یازدھم

مثلاً ہمارا خانہ اول سطر دہم میں حرف حَ ہے، جس کے آٹھ عدد ہیں۔ اور چونکہ اس کا پچھلا حرف زَ ابجد قمری میں ہے۔ اس حرف کو حرفِ تنزل کہا جاتا ہے۔ اور اس سے اگلا حرف طَ ابجد میں ہے۔ اسے ترفع کہتے ہیں۔ اور حَ سے رتبہ میں اگلا حرف فَ ہے کیونکہ حَ کا عدد ۸ ہے اور فَ کا عدد ۸۰ ہے۔ اور اس حرف کو حرف ترقی کہتے ہیں۔ اور مساوات کا مطلب ہے کہ فَ سے اگلا مرتبہ ضَ کا ہے۔ اور یہ حرف مساوات ہے ہم نے تمام حروف تنزل ترفع ترقی مساوات کا دائرہ خمسہ بنا کر لکھ دیا ہے۔ جو آگے درج ہے ہم مثال کو سمجھا رہے ہیں۔ آپ غور سے نقشہ میں دیکھیں اب وہاں حَ کا خانہ یوں درج ہے۔

( اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں )

یعنی ہمارے پاس ح کے
حروف تنزل ترفع ترقی مساوات یہ
آئے ز، ف، ط، ض اور
فرض کیا ح کے اوپر سطر اساس
کے خانہ اول میں و ہے تو و کو




چھوڑ کر و سے اگلے خانہ ز سے گنتی شروع کی اور حرف ح کے آٹھ عدد
کے مطابق گنتی گنی تو خانہ ن پر ختم ہوئی اس خانہ میں مندرجہ ذیل حروف
ملے۔ ان حروف میں ح کا کوئی ترفع تنزل ترقی مساوات کا حرف نہیں ہے




تو اب اس خانہ کو چھوڑ دیا اور پھر و کی طرف دوبارہ
آئے تو و سے پچھلی طرف و کو چھوڑ کر گنتی عدد آٹھ کی
گنی تو گنتی ض پر ختم ہوئی اور ض چونکہ حرفِ ح
کا حرفِ مساوات میں سے ہے اس لئے اسے سطر یازدہم کے خانہ اول میں
لکھ لیا۔ اور پھر ہم نے سطر دہم کے دوسرے خانہ کو دیکھا فرض کیا اس
میں بھی ح لکھا ہے اور اس کے مقابل سطر اساس کے خانہ دوئم میں ا
لکھا ہے۔ چونکہ ح کا عدد ۸ ہے۔ اب حرف اساس ا کو چھوڑ کر دائرہ
خمسہ میں آٹھ عدد کی گنتی کی خانہ ی میں پہنچے جس کے حروف مندرجہ ذیل




مساوات ترفع ترقی تنزل ہیں۔ ان میں حرف ح
کا ترفع ط موجود ہے۔ یہی حرفِ قوی ہے۔ اسے
لکھ لیں۔ اب فرض کیا سطر دہم میں تیسرے خانہ میں



حرف ل ہے اور سطر اساس میں و ہے۔ پس ہم نے دائرہ خمسہ میں و کو چھوڑ
کر ۳۰ عدد کی گنتی کی کیونکہ ل کے عدد ۳۰ ہیں۔ یہ گنتی حرف ح پر
ختم ہوئی۔ چونکہ ہمارے حرف سطر دہم ل کے ترقی تنزل مساوات یہ ہیں




ہم نے ح کے حروف تنزل ترقی مساوات
دیکھے تو مندرجہ ذیل ملے۔
اب چونکہ ہمیں ل کا ہم جنس کوئی حرف
خانہ ح میں نہ ملا اس لئے ہم نے حروف اساس




و کو چھوڑ کر گنتی اس کے نظیرہ ز سے شروع
کی تو خانہ ز کو چھوڑ کر گنتی ۳۰ عدد کی کی تو
خانہ ش پایا جو ہمارے خانہ ل کا حرف ترقی
ہے۔ اس لئے اسے لکھا۔
اب فرض کیا ہمارے خانہ چہارم سطر دہم میں حرف ظ ہے۔ اور
اس کے مقابل اساس میں حرف ص ہے۔ اب چونکہ ظ کا مرتبہ ۲۷ ہے
اس لئے دائرہ خمسہ میں ص کو چھوڑ کر ۲۷ عدد کی گنتی کی تو خانہ ف میں
پہنچے جس کا حرف ترفع ص ہے۔ جو حرف ظ کا حرف سادات ہے۔ اس
لئے یہی حرف قوی ہے۔ اسے لکھا۔
اب ایک اور مثال تحریر کر رہا ہوں اس پر غور کریں ان شاء اللہ
سمجھ آجائے گا۔
حروف اساس : ن د ن ل ا م ا ل ف

نظیرہ : غ ر ع ض س ظ ش ض ج

فرضی سطر دہم : ا ب ج د ھ و ز ح ط

سطر قوی : ا ج ب ج و د ح ز ح

اسی طرح متواتر مشق سے آپ بھی اس سطر پر حاوی ہو جائیں گے یہ سطر بہت آسان ہے۔ بیان میں ذرا دشوار نظر آتی ہے۔ حالانکہ حقیقتاً یہ کوئی دشوار نہیں ہے۔ اس سطر کو صاحبِ نسمۃ القرآن روح الفرقان نے سطر (سیر الادوار) اور نسخ البھائم۔ کا نام دیا ہے۔ اور صاحبِ قوت الحروف نے اسے "شجرۃ المستحصلہ" اور ثمرۃ السوال کا نام دیا ہے۔ اور وہ اسی سطر پر مختلف عوامل کر کے جواب اخذ کرتے ہیں۔

صاحب قرص الشمس فی البیان الحروف نے اس سطر کو سطر البقاء والقویٰ اور سطر الموضع فی الاختام کا نام دیا ہے۔

دلائل البرھان الدین میں حضرت برہان الدین حرفؔ نے اس سطر کو سطر طے الحروف اور قیام الروح اور بعض امثال میں حقنۃ الحروف لکھا ہے۔ ان سب اصحاب کے علاوہ بہت سے دیگر اصحاب نے اس سطر کو مختلف نام دیے ہیں۔ ہم نے اس کا مقبول عام نام درج کر دیا۔ ان سب اصحاب نے اس سطر کو دو مختلف طریقوں سے اخذ کرنا لکھا ہے۔ ہر طریقہ جداگانہ ہے۔ مگر حروف وہی برآمد ہوتے ہیں۔

ہم نے مشہور طریقہ درج کر دیا ہے اور یہ طریقہ مستند ہے۔ دائرہ خمسہ مندرجہ ذیل ہے۔



# دائرہ خمسہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی مترقی<br>ترقی ا ب ج<br>ترفع ق سادات | ک<br>ا ب ج<br>ر | ل<br>ب ج د<br>ش | م<br>ج د ھ<br>ت |
| ن<br>د ھ و<br>ث | س<br>ھ و ز<br>خ | ع<br>و ز ح<br>ذ | ف<br>ز ح ط<br>ض |
| ص<br>ح ط ی<br>ض | ق<br>ط ی ک<br>ع | ر<br>ی ک ل<br>ب | م<br>ک ل م<br>ج |
| ت<br>ل م ن<br>د | ش<br>م ن س<br>ھ | ح<br>ن س ع<br>د | ذ<br>س ع ف<br>ک |
| ض<br>ع ف ص<br>ح | ظ<br>ف ص ق<br>ط | ع<br>ص ق ر<br>ی | ب<br>ق ر ش<br>ک |
| ن<br>ر ش ت<br>ل | د<br>ش ت ث<br>م | ھ<br>ت ث خ<br>ن | و<br>ث خ ذ<br>س |
| ح<br>خ ذ ض<br>غ | ح<br>ذ ض ظ<br>ف | ط<br>ض ظ غ<br>ص | ی<br>ظ غ ا<br>ث |

## سطر دوازدہم مستحصرہ ۱۲

اس سطر کو یوں حاصل کریں۔ کہ سطر اساس کا حرف + سطر نظیرہ کا حرف + سطر قوی کا حرف اب جو حرف ہم نے محور کا حاصل کیا تھا جسے حاصل الصفحہ کہتے ہیں۔ اسے بھی ان میں جمع کریں۔ مثلاً ہمارا حرف ذ ہے اب سطر حاصل یوں بنی۔ اساس : و ا و

نظیرہ : ر س ر

قوی یازدہم : ض ظ ش

حروف حاصل الصفحہ : ذ ذ ذ

سطر حاصل کرنے کے لئے ان کو جمع کریں۔

۶ + ۲ + ۸ + ۷ = ۲۳

و + ر + ض + ذ = ث اس طرح سب کو اوپر سے نیچے بلحاظِ ایقع جمع کریں۔ اور ابجد قمری میں اسی مرتبے کے لحاظ سے حرف کہتے ہیں۔ اب دوسرا خانہ اس کا یوں ہے۔ جو حاصل ہوا۔

۱ + ۶ + ۹ + ۷ = ۲۳

ا + س + ط + ذ = ث ہوا تیسرا حرف حاصل کرنے کے ہے۔

۶ + ۲ + ۳ + ۷ = ۱۸

و + ر + ش + ذ = ص ہوا۔ اسی طرح تمام سطر کے حروف حاصل کریں۔ اگر شمار اٹھائیس سے زیادہ ہو تو ۲۸ نفی کر دیں مگر یہ خیال رکھیں کہ جو حرف حاصل ہو اس سطر میں لکھے جائیں گے۔ وہ حروف ہمطبع



سمجھے تو امثال کو غور سے دیکھیں انشاء اللہ سمجھ لیں گے۔

## جدول حروف

ایک جدول ۹ × ۹ کی بنائیں اس کے پہلے خانے کے اور مثلثات سے حاصل شدہ پہلا حرف لکھ کر اس کے اگلے خانوں میں اس کی تنصیف کے حروف لکھ دیں۔ اسی طرح سب حروف کو اس میں لکھ دیں۔ اگر آخر میں چند خانے بچ جائیں تو وہ خانے بچیں ان میں سے ہر خانے کے اوپر جو حروف ہو اس کے نچلے خانہ میں اس کا ترفع لکھ دیں اسی طرح باقی خانے بھی پُر کریں۔

## استخراج مربع مستحصلہ

اب جو ۹ × ۹ کی جدول آپکو حاصل ہوئی ہے۔ اس میں سے سولہ حروف یکجا پڑے ہیں۔ اور یہ جوابی ہیں۔ مگر جوابی حروف معلوم کرنا پڑیگا اس کے لئے آٹھ طریقے ہیں۔ ہم ان کو وضاحت سے بیان کرتے ہیں، جب سوال لکھیں تو اسی وقت قرآن حکیم کو فال کی نیت سے چار بار کھولیں اور ہر بار پہلے صفحہ کا پہلا حرف لکھ لیں۔ یہ حروف کلید مستحصلہ ہیں۔ پاک وصاف اور ظاہر باطنی پاکیزہ کا خیال رکھ کر درود شریف اور الحمد شریف قل شریف پڑھ کر نیت کر کے قرآن کھولیں اگر ایسا نہ کیا تو جواب غلط ہوگا اور برآمد نہ ہوگا۔ ہاں تو جب چار حروف کلید مستحصلہ برآمد ہو جائیں تو ان کے اعداد ایقع بذریعہ ابجد ایقع معلوم کر کے استنطاق کریں اور جو ایک عدد معلوم ہو اسی سے خانہ جاتِ مستحصلہ معلوم ہوں گے۔

اس طریقے میں آٹھ مربعات ہیں اگر عدد ۹ برآمد ہو تو اس کو عدد آخیال کریں۔ کیونکہ اس طریقہ میں ● اور ۹ = کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ اگر اس طرح حروف سے عدد ایک برآمد ہو تو مستحصلہ حروف مندرجہ ذیل مربع میں ہوں گے۔

## عدد کلید مستحصلہ (۱) ہو تو

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| | | | | | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ |
| | | | | | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ |
| | | | | | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |

## عدد کلید مستحصلہ (۲)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | | |
| ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | | |
| ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | | |
| ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |



## عدد کلید مستحصلہ (۳)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | | |
| ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | | |
| ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | | |
| ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |

## عدد کلید مستحصلہ (۴)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | |
| | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | |
| | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | |
| | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |

## عدد کلید مستحصلہ (۵)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | |
| | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | |
| | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | |
| | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |

## عدد کلید مستحصلہ (۶)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| | | | | | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ |
| | | | | | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ |
| | | | | | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ |
| | | | | | | | | |



## عدد کلید مستحصلہ (۷)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | | |
| ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | | |
| ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | | |
| ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | | |
| | | | | | | | | |

## عدد کلید مستحصلہ (۸)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |
| | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | | | | |
| | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | | | | |
| | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | | | | |
| | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | | | | |

# استخراجِ جواب

اس طریقہ سے آپ کو ایک مربع حاصل ہوگا۔ اور اسی مربع میں جوابی حروف ہوں گے اس مربع سے جواب لینے کے دو اصول ہیں اور ایک اصول ۴ در ۹ کے جدول سے جواب لینے کا ہے۔

۱ــ ۹/۴ + ۹/۴ سے جواب کا طریقہ :

طریقہ یہ ہے کہ مرکزی حروف معلوم کریں یعنی جو ۹/۴ در ۹/۴ کی جدول میں عین مرکزی ہو یہ ایک ہی حرف ہوگا۔ اب اس کے دائیں بائیں جو حروف ہوں۔ انہیں سے ملا کر ایک بامعنی اور بار بط لفظ پیدا کریں پھر اسی طرح دو تین لفظ پیدا کریں اور امید ہے کہ یہ الفاظ بار بط جملہ بن جائیں گے اور جوابی ہوں گے۔

۲ــ مربع سے جواب کا اصول اوّل :

یہ سادہ اصول ہے اور اس میں دردِ سر نہیں ہے۔ یعنی آپ طولاً عرضاً عمقاً اپنے مربع سے وہ حروف اٹھالیں جو بامعنی اور جواب پر دال الفاظ بنا رہے ہیں۔ مربع میں صرف سولہ حروف ہوتے ہیں۔ آپ کو صاف معلوم ہو جائے گا۔ کہ مربع کیا جواب دے رہا ہے۔ میرے خیال میں یہ طریقہ موزوں اور انسب ہے۔

۳ــ یہ طریقہ سب سے اعلیٰ ہے۔ اور اس میں جواب غیر ارادی اور بغیر بنائے ایک اصول سے حروف حاصل ہو جاتے ہیں اور جواب



پر صاد ہوتے ہیں۔ مگر اس کا طریقہ کار کچھ دقیق ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ آپ نے جو حروف کلید مستحصلہ فرقانِ حمید کلامِ حکیم سے حاصل لئے ہیں ان کو مربع میں آتشی چال سے پُر کریں۔ چونکہ یہ چار حروف ہوتے ہیں۔ اس لئے مربع درست بنے گا۔ اب حروف کی چال مندرجہ ذیل ہے۔

| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف | ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| چال | منصوب | مقلوب | عرض | قطر | طول | منصوب | مقلوب | عرض | قطر | طول | منصوب | مقلوب | عرض | قطر |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| چال | طول | منصوب | مقلوب | عرض | قطر | طول | منصوب | مقلوب | عرض | قطر | طول | منصوب | مقلوب | عرض |

اپنے حروف مربع کو دیکھیں خانۂ اول میں کیا چال رکھتا ہے۔ مثلاً

ل ا ت ج۔ ان کا مربع یہ ہوا۔

مربع حروف
کلید مستحصلہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ل | ا | ت | خ |
| ج | ت | ا | ل |
| ا | ل | ج | ت |
| ت | ح | ل | ا |

اب پہلے خانہ کا حرف دیکھا تو ل ہے جو چال مقلوب رکھتا ہے۔ یعنی اپنے حروف مستحصلہ کے مربع میں ہو۔ حرف کو مانگتا ہے مگر آپ اپنا مقلوب یعنی ج کو مانگتے ہیں۔ مستحصلہ کے عرض اس لئے پہلے تو ہم اپنے حروف مستحصلہ کے مربع سے مقلوب خانہ کا حرف

یں گے اور پھر ح کے مطابق اس مستحصلہ کے عرض میں جو حرف ہوگا۔ اسے دیکھیں گے اور چونکہ ح کے عرض س ل ہے۔ اور ل مقلوب ہے۔ اس لئے جو حرف ہمیں عرض سے ملے گا بھی اس کے مقلوب میں جو حرف ہوگا اسے حاصل کریں گے۔ امید ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے۔

اس عمل سے جو حروف حاصل ہونگے۔ وہ بار بار تکرار بھی کریں گے اور جواب سولہ حروف سے بھی کہیں زائد حروف میں بن جائے گا۔ چونکہ مقلوب یا منصوب عرض و قطر و طول کے حروف بار بار ایک حرف کیطرف بھی جاسکتے ہیں۔ اس لئے یہ تکرار ہوگی۔ اور تکرار سے ہی جواب میں جان پیدا ہوتی ہے۔ یہ طریقہ گرچہ اعلیٰ ہے اور افادیت میں اس کا مقابلہ باقی طریق نہیں کرسکتے۔ مگر چونکہ یہ کچھ طویل ہے۔ اور عرض و قطر وغیرہ کو ہر شخص ملحوظ نہیں رکھ سکتا پھر مربع کا عرض و قطر وغیرہ کو اور بھی مشکل ہوجاتا ہے کہ اس میں کونے اور نیچے اوپر اطراف کی سطور کثرت سے ہوتی ہیں۔ اس لئے بہت دقیق کام ہے۔

اب اس پورے حل کی ہم دو امثال دے رہے ہیں۔ تاکہ آپ حضرات مستحصلہ کو بآسانی ذہن نشین کرلیں۔

## مثال ۱

| سوال | کیا | نور | احمد | ریاض | کا | برطانیہ | میں | مستقبل قیام | ہوگا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعداد | ۳۱ | ۲۵۶ | ۵۳ | ۱۰۱۱ | ۲۱ | ۲۷۷ | ۱۰۰ | ۶۳۰ | ۱۵۱ | ۳۲ |



پہلے اور آخری عدد کو جمع کرکے حسب قاعدہ مثلث و مربع کی دوسرے عدد

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ | ۱۷ | ۲۴ |
| ۲۳ | ۲۱ | ۱۹ |
| ۱۸ | ۲۵ | ۲۰ |

۲۵۶ + آخری عدد کے بعد کا عدد ۱۵۱ = ۴۰۷ کی حسب قاعدہ مثلث وضع کی اسی طرح پانچ مثلث کو وضع کریں۔

۱

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ | ۱۷ | ۲۴ |
| ۲۳ | ۲۱ | ۱۹ |
| ۱۸ | ۲۵ | ۲۰ |

۲

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳۷ | ۱۳۱ | ۱۳۹ |
| ۱۳۸ | ۱۳۶ | ۱۳۳ |
| ۱۳۲ | ۱۴۰ | ۱۳۵ |

۳

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۹ | ۲۲۳ | ۲۳۱ |
| ۲۳۰ | ۲۲۸ | ۲۲۵ |
| ۲۲۴ | ۲۳۲ | ۲۲۷ |

۴

| | | |
|---|---|---|
| ۳۷۱ | ۳۶۶ | ۳۷۴ |
| ۳۷۳ | ۳۷۰ | ۳۶۸ |
| ۳۶۷ | ۳۷۵ | ۳۶۹ |

۵

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۰ | ۹۵ | ۱۰۳ |
| ۱۰۲ | ۹۹ | ۹۷ |
| ۹۶ | ۱۰۴ | ۹۸ |

# استخراج حروف

| نقش اوّل کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش دوم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش سوم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش چہارم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش پنجم کے خانہ ۸-۱-۶ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | علوی جسد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ + | ۹ + | ۱ + | ۴ + | ۳ = | ۲۱ | ش | ن ق |
| ۲ | ۳ | ۳ | ۷ | ۰ = | ۱۵ | س | ل |
| ۷ | ۱ | ۲ | ۳ | ۱ = | ۱۴ | م | ک |
| ۱ | ۱ | ۳ | ۶ | ۵ = | ۱۶ | ع | ھ ل |
| ۲ | ۳ | ۲ | ۶ | ۹ = | ۲۲ | ت | ر |
| ۲ | ۱ | ۲ | ۳ | ۰ = | ۸ | ح | د |

| نقش اول کے خانہ ۳-۵-۰ | نقش دوم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش سوم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش چہارم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش پنجم کے خانہ ۳-۵-۷ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | جسد علوی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ + | ۷ + | ۹/۸ + | ۱ + | ۰ = | ۲۶ | ض (ذ، ظ) | ن ش |



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳ | ۲ | ۷ | ۱ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۷ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۲ | ۳ | ۵ | ۸ | ۹ = | ۲۷ | ظ | ن ت |
| ۳ | ۳ | ۲ | ۶ | ۹ = | ۲۳ | ث | ن ر |
| ۲ | ۱ | ۲ | ۳ | ۹ = | ۱۷ | ف | م |

| نقش اول کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش دوم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش سوم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش چہارم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش پنجم کے خانہ ۴-۹-۲ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | جسد علوی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰ | ۶ + | ۸/۷ + | ۰ + | ۲ = | ۱۶/۱۵ | ع (س) | ھ ل (ل) |
| ۲ | ۳ | ۲ | ۷ | ۰ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۵ | ۱ | ۲ | ۳ | ۱ = | ۱۲ | ل | ھ ی |
| ۲ | ۸ | ۰ | ۳ | ۸ = | ۲۱ | ش | ن ق |
| ۸ | ۳ | ۳ | ۷ | ۹ = | ۲/۳۰ | ب | ا |
| ۱ | ۱ | ۲ | ۲ | ۴ = | ۱۱ | ک | ی |

# استخراج حروف

| نقش اوّل کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش دوم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش سوم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش چہارم کے خانہ ۸-۱-۶ | نقش پنجم کے خانہ ۸-۱-۶ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | علوی جسد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ + | ۹ + | ۱ + | ۴ + | ۳ = | ۲۱ | ش | ن ق |
| ۲ | ۳ | ۳ | ۷ | ۰ = | ۱۵ | س | ل |
| ۷ | ۱ | ۲ | ۳ | ۱ = | ۱۴ | م | ک |
| ۱ | ۱ | ۳ | ۶ | ۵ = | ۱۶ | ع | ھ ل |
| ۲ | ۳ | ۲ | ۶ | ۹ = | ۲۲ | ت | ر |
| ۲ | ۱ | ۲ | ۳ | ۰ = | ۸ | ح | د |

| نقش اول کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش دوم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش سوم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش چہارم کے خانہ ۳-۵-۷ | نقش پنجم کے خانہ ۳-۵-۷ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | جسد علوی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ + | ۷ + | ۹/۸ + | ۱ + | ۰ = | ۲۶ | ض (ذ) | ر ت ن ش |



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳ | ۲ | ۷ | ۱ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۷ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۲ | ۳ | ۵ | ۸ | ۹ = | ۲۷ | ظ | ن ت |
| ۳ | ۳ | ۲ | ۶ | ۹ = | ۲۳ | ث | ن ر |
| ۲ | ۱ | ۲ | ۳ | ۹ = | ۱۷ | ف | م |

| نقش اول کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش دوم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش سوم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش چہارم کے خانہ ۴-۹-۲ | نقش پنجم کے خانہ ۴-۹-۲ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | جسد علوی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰ | ۶ + | ۸/۷ + | ۰ + | ۲ = | ۱۶/۱۵ | ع (س) | ھ ل (ل) |
| ۲ | ۳ | ۲ | ۷ | ۰ = | ۱۴ | ن | ھ ک |
| ۵ | ۱ | ۲ | ۳ | ۱ = | ۱۲ | ل | ھ ی |
| ۲ | ۸ | ۰ | ۳ | ۸ = | ۲۱ | ش | ن ق |
| ۸ | ۳ | ۳ | ۷ | ۹ = | ۲/۳۰ | ب | ا |
| ۱ | ۱ | ۲ | ۲ | ۴ = | ۱۱ | ک | ی |

## بقیہ مثلثات کے بقیہ خانہ جات

| ق | ر (ش) | ۲۰/۲۱ | × | = ۰ | + ۹ | ۶/۷ | + ۵ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ھ ی | ل | ۱۲ | × | = ۱ | ۶ | ۲ | ۳ |
| ھ ی | ل | ۱۲ | × | = ۶ | ۳ | ۲ | ۱ |
| ھ ل | ع | ۱۶ | × | = ۹ | ۵ | ۲ | ۰ |
| ھ ک | ن | ۱۴ | × | × | ۷ | ۳ | ۴ |
| ج | د | ۶ | × | × | ۳ | ۲ | ۱ |
| ک | م | ۱۳ | × | × | ۷ | ۴ | ۲ |
| ی | ک | ۱۱ | × | × | ۶ | ۲ | ۳ |
| ج | د | ۶ | × | × | ۳ | ۲ | ۱ |

نوٹ : بعض خانوں میں آپ چند مختلف اعداد کو دیکھیں گے اس کا مطلب ہے۔ کہ وہ کسر والا عدد اور بغیر کسر کے جو عدد ہے وہ دونوں کے لئے گئے ہیں۔ جو بہتر اور بڑا ہے یا کامل نصف ہو سکتا ہے اسے لکھ لیا ہے۔

# جدول حروف



| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ش | ن | ق | س | ل | م | ک | ع | ھ |
| ل | ت | ر | ح | د | ض (ذ) | ن | ش | ن |
| ھ | ک | ن | ھ | ک | ظ | ن | ت | ث |
| ن | ر | ق | م | س/ع | ل | ن | ھ | ک |
| ل | ھ | ی | ش | ن | ق | ب | ا | ک |
| ی | ش | ق | ل | ھ | ی | ل | ھ | ی |
| ع | ھ | ل | ن | ھ | ک | و | خ | م |
| ک | ک | ی | د | ح | ل | ز | د | ن |
| ل | ل | ک | ز | د | م | ح | ھ | س |

ہم نے سوال کا جواب لینے کے لئے پہلا قانون اپنایا تو حرف ن مرکز ہوا۔ اسے منصوبا دیکھا تو ن ق ل لفظ نقل بنتا ہے۔ پھر ن ھ ک ن بھی بنتا ہے۔ اس کے بعد ن ی ک نیک بنتا ہے۔ یعنی جواب ملا۔

"نقل نیک نہیں"

یہ تو قاعدہ اول کے تحت جواب ہوا۔ اب دوسرے قاعدہ پر عمل کرنے کے لئے حروف کلید مستعملہ کلام مجید سے حاصل کئے۔

پاک صاف ہو کر چار بار مصحف کو کھولا تو پہلی بار لی دوسری بار م تیسری بار ق چوتھی بار ج برآمد ہوا۔

"ل م ق ج" ان کے اعداد بذریعہ ابجد یقع ہے۔

ل م ق ج

۳ + ۴ + ۱ + ۳ = ۱۱ = ② عدد $\frac{2}{2}$ کلید مستحصلہ ہے۔ ہم نے

۲ عدد کا مربع حسب قاعدہ سابق اپنے جدول حروف سے لیا تو یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ل | ن | ھ | ک |
| ق | ب | ا | ک |
| ی | ل | ھ | ی |
| ک | د | ج | م |

قاعدہ نمبر ۲ کے مطابق مستحصلہ حروف کو قطراً عمقاً منصوباً و مقلوب حروف اٹھائے تو حروف مندرجہ ذیل برآمد ہوتے۔

ی ھ ک د ج و ن ق ل م ک ا ن ی ن ھ ھ و ک ی

یہ کوئی نقل مکانی نہ ہو گی

اب ہم نے مربع میں حروف مصحف یعنی کلید مستحصلہ تو پُر کیا۔ تاکہ تیسرے طریقہ سے جواب لے سکیں۔

حروفِ مستحصلہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ل | ن | ھ | ک | ل۔ مقلوب ہے |
| ق | ب | ا | ک | ج۔ عرض ہے |
| ی | ل | ھ | ی | م۔ عرض ہے |
| ک | د | ج | م | ل۔ مقلوب ہے |

اسی چال سے حروف اٹھائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ج | ق | م | ل |
| ل | م | ق | ج |
| ق | ج | ل | م |
| م | ل | ج | ق |

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ج | د | ا | ب | ک | ل | ی | ھ | ی | ک | ھ | ق | ی | ا | م | ن | ھ | ی | ن | ھ | د | ک | ا |

جواب کلی ہے کہ قیام نہیں ہو گا



**مثال نمبر ۲** : روح کی حقیقت کیا ہے۔؟ روح کی حقیقت کیا ہے ۔؟ یاد رہے کہ ہم یہ نہیں کہہ روح کیا ہے۔ بلکہ سوال روح کی حقیقت کا ہے۔

| سوال | روح | کی | حقیقت | کیا | ہے | روح | کی | حقیقت | کیا | ہے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعداد | ۲۱۴ | ۳۰ | ۶۱۸ | ۳۱ | ۱۵ | ۲۱۴ | ۳۰ | ۶۱۸ | ۳۱ | ۱۵ |

## استخراج مثلثات

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۰ | ۷۲ | ۷۷ | ۲۴ | ۱۶ | ۲۱ | ۱۶ | ۲۴ | ۲۱۶ | ۲۰۸ | ۲۱۳ | ۲۴ | ۱۶ | ۲۱ | ۸۰ | ۷۲ | ۷۷ |
| ۷۴ | ۷۶ | ۷۹ | ۱۸ | ۲۰ | ۲۳ | ۲۱۰ | ۲۱۲ | ۲۱۵ | ۱۸ | ۲۰ | ۲۳ | ۲۴ | ۷۶ | ۷۹ |
| ۷۵ | ۸۱ | ۷۳ | ۱۹ | ۲۵ | ۱۷ | ۲۱۱ | ۲۱۷ | ۲۰۹ | ۱۹ | ۲۵ | ۱۷ | ۷۵ | ۸۱ | ۷۳ |

## استخراج حروف

| نقش اول ۸-۱-۶ | نقش دوم ۸-۱-۶ | نقش سوئم ۸-۱-۶ | نقش چہارم ۸-۱-۶ | نقش پنجم ۸-۱-۶ | ارواح مثلث | اجساد مثلث | جسد علوی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰ + | ۴ + | ۵ + | ۴ + | ۰ = | ۱۳ | م | ک |
| ۸ | ۴ | ۱ | ۲ | ۸ = | ۲۱ | ش | ن ق |
| ۲ | ۶ | ۴ | ۲ | ۷ = | ۲۰ | ر | ق |
| ۷ | ۱ | ۸ | ۱ | ۷ = | ۱۶ | خ | ش |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ھ ل | ع | ۱۶ | = ۷ | ۱ | ۰ | ۱ | ۷ |
| ر | ت | ۲۲ | = ۷ | ۲ | ۴ | ۲ | ۷ |
| × | × | × | بقیہ مثلث ۲ کے | | | | |
| د | ح | ۸ | ۳ + ۱ + ۴ | | | | |

| جسدِ علوی | اجسادِ مثلث | ارواحِ مثلث | مثلث پنجم ۳-۵-۷ | مثلث چہارم ۳-۵-۷ | مثلث سوئم ۳-۵-۷ | مثلث دوئم ۳-۵-۷ | مثلث اول ۳-۵-۷ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ش | خ | ۲۴ | = ۴ | + ۸ | + ۰ | + ۸ | + ۴ |
| م | ف | ۱۷ | ۷ | ۱ | ۱ | ۱ | ۷ |
| ھ ل | ع | ۱۶ | ۶ | ۰ | ۴ | ۰ | ۶ |
| ق | ر | ۲۰ | ۷ | ۲ | ۲ | ۲ | ۷ |
| ن ش | ذ | ۲۵ | ۹ | ۳ | ۱ | ۳ | ۹ |
| ر | ت | ۲۲ | ۷ | ۲ | ۴ | ۲ | ۷ |
| × | × | × | بقیہ مثلث دوئم کے | | | | |
| × | ط | ۹ | × | × | ۴ | +۱ | +۴ |

| جسدِ علوی | اجساد مثلث | ارواح مثلث | مثلث خانہ پنجم ۴-۹-۲ | مثلث خانہ چہارم ۴-۹-۲ | مثلث خانہ سوئم ۴-۹-۲ | مثلث خانہ دوئم ۴-۹-۲ | مثلث خانہ اول ۴-۹-۲ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| × | ا | ۱/۲۹ | ۵ | + ۹ | + ۱ | + ۹ | + ۵ |
| م | ف | ۱۷ | ۷ | ۱ | ۱ | ۱ | ۷ |
| ھ ل | ع | ۱۶ | ۱ | ۵ | ۴ | ۵ | ۱ |
| ت | ض | ۲۶ | ۸ | ۲ | × | ۲ | ۸ |
| ن ق | ش | ۲۱ | ۳ | ۷ | ۱ | ۷ | ۳ |
| ق | ر | ۲۰ | ۷ | ۱۰ | ۴ | ۱ | ۷ |
| × | × | × | مثلث دوئم کے | | | | |
| ک | م | ۱۳ | × | × | = ۴ | = ۰ | = ۹ |

## جداول حروف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ش | خ | ق | ر | ق | ن | ش | ک | م |
| ش | خ | د | ح | ر | ت | ل | ھ | ع |
| ن | ذ | ق | ر | ل | ھ | ع | م | ف |
| ھ | ع | م | ف | ا | ط | ر | ت | س |
| م | ق | ر | ق | ن | ش | ت | ض | ل |
| ن | ر | ش | س | ر | ت | ث | ظ | ک |
| س | ش | ت | ش | ع | ث | خ | غ | ل |
| ع | ت | ث | ت | ف | خ | ذ | ا | م |
| ف | ث | خ | ث | ص | ذ | ض | ب | ن |

ترفع

بابیتّ فال قرآن حکیم سے حروف اٹھائے تو مندرجہ ذیل برآمد ہوئے

۶ + ۱ + ۴ + ۳

خ ا د ل

ان کے اعداد ۱۴ یعنی ۵ ہوتے ہیں۔ اور عدد ۵ کی طرح کا مربع اٹھا کر " خ ادل " کا مربع پُر کریں۔

مربع مستحصلہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | ح | د | خ |
| ل | ر | ق | ذ |
| ا | ف | م | ع |
| ن | ق | ر | ق |

خ = قطر ہے اور
ا = منصوب ہے
د = قطر ہے
ل = مقلوب الخ

مربع مصحف

| | | | |
|---|---|---|---|
| خ | ا | د | ل |
| ل | د | ا | خ |
| ا | خ | ل | د |
| د | ل | خ | ا |

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | م | ر | ق | د | م | ر | ا | ح | ع | ل | م | ا | ذ | ل | ا | خ | ر | | | | | | |

امر قدم راح علم ازل آخر

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ح | ر | ف | ا | ل | ف | م | ق | ر | ر | | |

حرف الف مقرر

تشریح جواب :

امر قدم راح ازل آخر

حرف الف مقرر



روح کے متعلق سوال ایک ایسا پیچیدہ مسئلہ ہے۔ کہ قرآن حکیم میں بھی اس کا تذکرہ آیا ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۝

ترجمہ : آپؐ سے سوال کرتے ہیں کہ روح کیا ہے۔؟

قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ

آپؐ کہہ دیجئے روح میرے رب کے امر سے ہے۔

گویا اس نص قطعی میں روح کے متعلق ایک مختصر مگر جامع ترین جواب اللہ تعالےٰ کی ذات نے اظہر و مخفی مرموز طریقے سے بیان فرما دیا لیکن چونکہ انسان کی فطرت ہے کہ وہ جب تک کسی بات کو مکمل طور پر نہ سمجھ لے وہ بار بار سوال کو دہراتا ہے۔ اور آج بھی ہم نے اسی چودہ سو سال قبل کے سوال کو دہرایا ہے تو ہمیں جواب ملا ہے وہ ہماری تفہیم کے لئے ذاتِ باری تعالےٰ نے کچھ آسان کر دیا ہے۔ مگر چونکہ ہم اسے اب بھی نہیں سمجھے تو آیئے ذرا کہیں سے امداد طلب کریں۔ تاکہ ہم اسے سمجھ سکیں ہمارا پہلا لفظ ہے " امر " تو امر کے متعلق قرآن حکیم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ (القرآن)

ترجمہ : "جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے۔ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے"۔ اس آیت پاک سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ عام چیزوں کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اور خاص چیزوں پر اس کا اطلاق کسی خاص آیت سے

مل کر بنتا ہوگا۔ اور صوفیہ کرام نے بھی امر کے دو حصّے بیان فرمائے ہیں امرِ عام اور امرِ خاص۔ اب آیئں ذرا دوسرے حصّہ کو دیکھیں۔

ونفختُ فیہِ مِنْ روحی

ترجمہ : اور ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی۔

معلوم ہوتا ہے کہ ہوا تو یہ بھی اس کے امر سے مگر اس میں خاص ارادہ شامل ہے اور اس میں عام۔ اسی لئے قرآن حکیم میں ایک جگہ بھی یہ نص ہے۔ ورنہ ایک ہی کافی تھی۔ قرآن حکیم کا اندازِ بیان ہے کہ ایک جگہ کسی بات کو اجتماعی طور پر بیان فرما دیتا ہے۔ اور بعد میں اس اجتماعی کے علاوہ انفرادی تخصیص کر دیتا ہے۔

مثلاً ایک جگہ فرمان ہے کہ اللہ ہر گناہ کو بخش دیتا ہے۔ مگر دوسری جگہ پر ہے کہ شرک کرنے والوں کو نہیں بخشتا اسی طرح چند اور باتوں کے متعلق بھی فرمان ہے۔ تو گویا حاصل یہ ہوا کہ " روح " عالم امر خاص ہے اور بزرگان کے ارشادات سے یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ یہ ذات باری تعالےٰ کی تجلی ہے اور واجب الوجود یعنی حرکت اول ہے۔ یا پھر تعین ثانی۔

لفظ امر سے جو باتیں سامنے آئی وہ ہم نے بیان کر دیں اب لفظ قدم پر روشنی ڈالتے ہیں۔

## تصوّرِ قِدم

شیخ عبدالکریم بن ابراہیم جیلی اپنی تصنیفِ لطیف " انسانِ کامل " میں



تصورِ قدم کے متعلق یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

قدم وجوب ذاتی حکم سے عبارت ہے اور وجوب ذاتی وہ ہے جس کو اس کے اسم قدیم نے ظاہر کیا ہے۔ اس لئے کہ ذات خود جس کا وجود اجنبی ہوتا ہے۔ عدم اس سے پہلے نہیں ہوتا اور جو مسبوق بالعدم نہ ہو لازم ہے کہ وہ قدیم کا حکم رکھے ورنہ وہ قدم سے بالاتر ہے۔ اس لئے کہ قدم مسمی بہر ایک نہایت لمبی مدت گزرنے کا نام ہے۔ جس سے خدا کی شان بلند ہے۔ پس اس کا قدم بجز اس کے نہیں کہ وہ وجوب ذاتی کے لئے ایک لازمی حکم ہے۔ ورنہ خدا اور اس کی مخلوق کے درمیان کوئی زمانہ نہیں ہے۔ اور نہ کوئی وقعت جامع ہے۔ بلکہ مخلوق کے وجود پر اس کے وجود کے حکم کے تقدم اسی کا نام قدم کی حاجت ہے۔ اور مخلوق موجد کے محتاج ہونے کی وجہ سے کہ اسے ایجاد کرے حدوث کے نام سے موسوم ہے۔ اگر حدوث کے ایک اور معنی بھی ہیں۔ اور وہ اسکے وجود کا ظہور ہے۔ بعد اس کے کہ وہ کوئی ایسی شے نہ تھا جس کا ذکر کیا جاوے، پس حدوث جو حق مخلوق میں لازم شائع ہے وہ موجد کی طرف اس کی احتیاج و افتقار ہے۔ کہ وہ اسے پیدا کرے یہ وہ امر ہے۔ جس مخلوق پر اسم حدوث کو واجب کر دیا۔

مخلوق اگرچہ قدیم سے علمِ الٰہی موجود ہے اپنے ذاتی وجود میں حادث ہے۔ اس لئے کہ وہ موجد کی احتیاج رکھتی ہے۔ جو اسے ایجاد کرے۔ پس مخلوق اسم قدیم کی مصداق نہیں ٹھہر سکتی۔ اگرچہ وہ اپنے ظہور سے پہلے علمِ الٰہی

میں موجود تھی۔ اس لئے کہ اس کا حکم یہ ہے کہ وہ وجود بغیر ہو۔ اور اس کا وجود وجود حق پر مرتب ہو یہی معنی ہیں حدوث کے اسی جہت و اعتبار سے اعیان ثابتہ (وہ موجودات جو کن سے قبل علم الٰہی میں موجود تھیں) علم الٰہی میں حادث قرار دیئے گئے ہیں۔ اس مسئلہ سے ہمارے امام غافل رہے ہیں کہ کسی کے کلام میں یہ بات نہیں پائی جاتی۔ ہاں ان کا کلام اعیانِ ثانیہ کو قِدم کا حکم عطا کرتا ہے۔ اور اعیانِ ثانیہ کا قدیم ہونا بھی ایک وجہ رکھتا ہے۔ جو ایک دوسرے اعتبار سے ہے۔

اب میں اسکو بھی آپ کے سامنے واضح کرتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ جب علم الٰہی قدیم ہے یعنی قدم کا اس پر حکم لگایا گیا ہے کہ وہ وجوب حکم ذاتی ہے۔ اس لئے کہ جو احکام الٰہیہ جناب الٰہی کو لائق ہیں۔ صفات بھی احکام میں ملحق بذات ہیں۔ یعنی صفات بھی وہی حکم رکھتی ہیں۔

کیونکہ علم کو علم نہیں کہا جاتا لیکن اس صورت میں جب کہ معلوم نہیں اس کے ساتھ ہو ورنہ درآنحالیکہ معلوم نہ ہو علم کا وجود محال ہے۔ جیسا کہ جب عالم یعنی صاحب علم نہ ہو تو دونوں کا وجود محال ہوجاتا ہے۔ معلومات حق اس کے لئے ہیں۔ حکم قدم میں علم کے ساتھ ملحق ہیں اور معلومات حق اس کے لئے قدیم ہے۔ اور بذات خود حادث ہیں۔ پس خلقت حق سے حکمی طور پر مل گئی اس لئے کہ حق کی طرف وجود خلقی کا رجوع واقعہ کے لحاظ سے عینی ہے۔ اور ذات کی جہت سے حکمی۔ اور جو کچھ ہم نے کہا ہے۔ اسے افرادِ کمل کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ اس لئے کہ یہ اذواقِ الٰہیہ کی ایک قسم ہے۔ جو محقق عارفوں سے مخصوص



ہے۔ نہ کہ دوسرے عارفوں سے۔

## قِدم اور ازل کا فرق

چونکہ اعیان ثانیہ کا یہ قدم مخلوق کے حق میں ایک حکمی امر ہے۔ اور حدوث ایک امر عینی ہے۔ لہٰذا اس چیز پر جو حکمی طور پر ثابت ہے۔ ہم نے اس چیز کو مقدم رکھا جسکے وہ بہ حیثیت اپنی ذات کے مستحق ٹھہرتے ہیں۔ یعنی ان کے حدوث عینی کو ان کے حکم قدیم پر ہم نے ترجیح دی جس کا تعلق علم الٰہی کی جہت سے ان پر حکم لگایا گیا ہے۔ پس حق تعالےٰ کی قدامت اس کے لئے ایک حکمی ذاتی وجوبی امر ہے۔ اور حدوث خلق مخلوقات کے لئے امر ہے حکمی ذاتی جوابی۔ مخلوقات کو بہ حیثیت اپنی ھویت کے حق نہیں کہا جاسکتا۔ مگر حکمی طور پر جب کہ اسے اپنے مرتبہ ہویّت سے تنزل کہا جاتے۔ ورنہ حق بذاتِ خود اس بات سے منزہ ہے۔ کہ من حیث الذات کوئی چیز اس سے ملحق نہیں۔ الّا حکمی طور پر طوق جائز ہے۔ اور یہ طوق جو عارف صاحب کشف پر طوق ذاتی کے رنگ میں ظاہر ہوتا ہے۔ تو یہ امر اعلیٰ قدر استعداد عارف ہوا کرتا ہے۔ نہ اس امر کے موافق کہ جس کو اللہ تعالیٰ بالذات اپنے نفس کے واسطے جانتا ہے۔ سنن و شرائع میں اس بات کی تعزیح ہے جو مخصوص بہ حق ہیں۔ اور یہ تشریح اس امر کی بنا پر جو ایک امر واقعی ہے۔ تاکہ اس شخص کے گمان کے موافق جو حقیقت الحقائق سے بالبد ہے کہ کوئی شئے اس پر ظاہر ہوتی ہے۔ اور حق کی کئی چیزیں اس سے مخفی رہتی ہیں وہ شریعت کو پوست خیال کرتا ہے۔ اور یہ نہیں جانتا کہ وہ حقیقت الامر

کے پوست اور مغز دونوں کی جامع ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کی خیرخواہی فرمائی امانت کو ادا کر دیا۔ اور ہدایت کی کوئی بات نہیں چھوڑی مگر اس پر مطلع فرمایا۔ اور کوئی معرفت نہیں جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رہنمائی نہیں فرمائی پھر وہ کیسے اچھے امین کامل اور ایک باعمل عالم الٰہیات ہیں۔ پس قدم ذات واجب الوجود کے لئے ایک امر حکمی ہے اور ازل و قدم میں یہ فرق ہے کہ ازل سے اللہ تعالےٰ کی قبلیت سمجھی جاتی ہے۔ اور قدم سے یہ کہ اس پر کوئی ایسا وقت نہیں آیا جس میں وہ معدوم ہو۔

## ابیات

إنَّ القدیم ھُوَ الوجُودُ الواجب
والحکم للباری بذٰلِکَ واجِب
لاتعتبر قِدم الإلٰہ بِمُدَّۃٍ
أوْ أنہ مِن معقُولَۃٍ تتعاقب
فَالسبق لہ القدم الذّی ھُوَشانہ
مِن کَونِ ذٰلِکَ حکم مِن ھُوَ واجِبُ
معناہُ أنَّ وجُودہُ لَا مسبوق
بالْأَلعدام وَلَا قطیع ذَاھب
بَل إنَّہُ لغنائہ فی ذاتہ



یسمی قدیما وھو حکم ذائب

ترجمہ: ۱۔ قدیم وہی ذات واجب الوجود ہے۔ ۲۔ اور ذاتِ باری کے لئے یہ حکم واجب ہے۔ ۳۔ قدمِ الٰہی میں مدت کا اعتبار نہیں۔ ۴۔ اس میں زمانہ سمجھا جاتا ہے۔ ۵۔ جو پے در پے آتا ہے ۶۔ قدم کو اس طرف منسوب کر جو اس کی شان کے لائق ہے۔ ۷۔ اس لئے کہ وہ اس ذات کا حکم ہے جو واجب بالذات ہے۔

قدم سے مراد یہ ہے کہ اس کا وجود مسبوق بالعدم نہیں اور نہ اس کا کوئی شریک مسائر یعنی اس کے ساتھ برابر چلنے والا ہے۔ (یعنی تطبیع کے معنی شریک رہنا کے بھی ہیں یعنی قدم سے مراد قدم زمانی نہیں کہ زمانہ اس میں شریک ہو اور ازلیت و قدامت میں اس کے ساتھ برابر چلے بلکہ وہ اپنی غناء ذاتی کی وجہ سے کہ وہ اپنے وجود میں کسی علتِ فاعلی کا محتاج نہیں قدم کے نام سے موسوم ہے۔ اور یہ حکم اس کے لئے موافق دستور کے ہے چونکہ اس سارے بیان میں راجح قدم علم اور ازل کا بیان ہو چکا ہے اور اس ہمارے بیان کو سمجھنے کے لئے کافی ہے۔ اور ہم ازل و ابد کو بیان کرتے ہیں

## ازل اور ابد

چونکہ ہمارے جواب میں لفظ علم ازل و آخر (ازل و ابد) آیا ہے۔ اب ہم اس کو تحریر کرتے ہیں۔ جان کہ اس کا ابد اس کی ازل کا اور اس کا ازل اس کے ابد کا عین ہے۔ اور یہ اس کی دو اضافی طرفوں (قبلیت و بعدیت کے) ٹوٹنے سے مراد ہے تاکہ وہ اپنی بقاء ذاتی میں منفرد ہو اس لئے کہ اضافت

ادلیہ کے سمجھنے کا نام ازل ہے اور اس کا وجود اولیت ازلی کے سمجھنے سے قبل تھا۔ اور اضافت آخرت کے اس سے منقطع ہونے کا نام ابد ہے اور اس کی بقا آخرت کو ابد سمجھنے کے بعد بھی ہے اور یہ دونوں یعنی ازل و ابد اللہ تعالےٰ کے دو وصف ہیں۔ جن کو وجوب وجود کے سمجھنے کے لئے اضافت زمانہ نے ظاہر کر دیا ہے ورنہ ازل ہے نہ ابد تھا اللہ اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی پس اس کے لئے کوئی وقت نہیں ہے۔ سوائے ازل کے کہ وہ ابد ہے۔ جو اس کا وجود واجبی ہے۔ باعتبار زمانے کے اس پر نہ گذرنے کے اور زمانہ کے حکم کے منقطع ہونے کے نہ بلحاظ زمانہ کی اس درازی کے جس میں وہ اس کی بقا جس میں وہ اس کی برابری کرے پس اس کی بقا جس میں زمانہ نہ ہو۔ اور امتداد میں زمانہ اس کے برابر نہ چلے وہی ابد ہے اس بیان کو سمجھئے۔

## راح کی حقیقت

یاد رہے کہ یہ کائنات چار اشیاء سے وجود میں ہے۔

۱۔ راح ۲۔ روح ۳۔ رویاء ۴۔ رویت

تصوف کی بہترین کتاب "لوح و قلم" میں حضرت قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں کہ راح منفی لاشعور ہے اور روح مثبت لاشعور ہے اسی طرح رویاء منفی شعور ہے اور رویت مثبت شعور۔

راح یعنی منفی لاشعور میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ وہاں لامکان اور مکان یعنی زمانی اور مکانی دونوں فاصلے معدوم ہیں۔ ازل سے ابد تک



کی تمام واردات ایک ہی نقطے میں پائی جاتی ہیں۔ جب یہ نقطہ حرکت میں آتا ہے۔ تو اس کا نام بدل جاتا ہے پہلے یہ نقطہ راح کہلاتا تھا۔ لیکن حرکت پیدا ہونے کے بعد یہی نقطہ روح کہلاتا ہے۔ اس نقطہ میں حرکت کی نمود ہی زمانی اور مکانی فاصلے پیدا کرتی ہے۔

(اقتباس از لوح و قلم صفحہ ۱۹۹/۲۰۰)

پھر صفحہ نمبر ۲۰۳ میں آپ تحریر فرماتے ہیں۔

ذات ــــ در اتے غیب الغیب ، / راح ــ غیب الغیب اور روح ــ غیب ہے۔

اور اب ہمارے جواب کی کچھ تفہیم ہوئی کہ روح کے متعلق ہمیں مستحصلہ نے کیا جواب دیا۔ آپ اس حصہ کو اگر سمجھنا چاہتے ہیں۔ تو بعد از تہجد یا فجر ان صفحات کو بغور پڑھیں آپ پر عجیب و غریب عجائبات ظاہر ہوں گے۔

اب ایک حل باقی رہ گیا۔ جواب ہے۔

" امر راح قدم علم ازل آخر "

یہاں تک تو ہم نے خوب پڑھ لیا اور ہر چیز کو لکھ لیا۔ اب ایک جملہ باقی بچ گیا ہے۔ وہ ہے۔ " حرف الف مقرر "

یعنی اس کے لئے حرف الف مقرر ہے۔ اب آئیے ذرا مطالعہ کریں کہ " الف " کیا ہے۔ ؟

الف دراصل قطب ہے اور قطب کا مطلب ہے کیل یعنی چکی کے درمیان جو ڈنڈا ہوتا ہے۔ کیونکہ اس پر چکی کا دارومدار ہوتا ہے۔ اسی

طرح روح پر جسم کا دار و مدار ہے۔ روحانیت میں بھی قطب اسے کہتے ہیں۔ جس پر تمام عالم تکوین کا دار و مدار ہو اور وہ اس عالم کون میں جامع مرکز ہو۔ الف اور قطب کا گہرا تعلق ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جواب میں یہ کیوں نہیں آگیا۔ کہ "قطب مقرر" تو اس کی وجہ یہ ہے چونکہ "الف" کے اور بھی بے شمار مطلب نکلتے ہیں اور قطب سے مطلب اخذ کرنا ذرا مشکل ہو جاتا ہے۔ اب آئیے ذرا الف کو اور پرکھیں۔

## اسرارِ الف

کتاب الکہف والرقیم میں مصنف شیخ عبدالکریم بن ابراہیم جیلیؒ فرماتے ہیں۔

ترجمہ حاضر ہے۔ کل حروف کا تعلق الف سے ہے اور الف کو کسی حرف سے تعلق نہیں ہے۔ اسی طرح تمام مخلوق حق سبحانہٗ تعالےٰ کی محتاج ہے۔ اور وہ عالم والوں سے غنی ہے۔ کہنے والا کہتا ہے۔ کہ الف میں کونسی ایسی اچھائی ہے جس کی وجہ سے وہ قبل اپنے وجود کے نقطے سے نہایت قریب ہو گیا اور دیگر حروف میں کونسی ایسی برائی تھی۔ جس کی وجہ سے نقطہ سے دور ہو گئے۔ اس کے جواب میں یہ کہا گیا ہے۔ کہ الف کا بعید نہ ہونا اس مقام سے جو نقطہ کا حکم اپنے مرتبہ ذاتی میں رکھا ہے وہ نیکی ہے جس سے سابق ہوتی۔ الف کے لئے اس کے جزا کہ جو انصاف با وصاف نقطہ ہے۔ کہ

مَنْ وَجَدَ فِی رَحْلِہٖ فَھُوَ جَزَائُہٗ

ہاں اور عدم قرب بقیہ حروف کا محل حکم نقطہ سے اپنی ذات میں وہ



برائی ہے جو سابق ہوئی۔ ان پر جس طرح کہ مکر کیا ہم نے یوسف کے لئے اس طور پر کہ لیا جاتے بھائی ان کا ملک مصر کے دین میں۔

یہ مسئلہ نہایت نازک ہے۔ اور کل فضل سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ الف سے نقطہ متقدم اور افضل ہے اور اس نقطہ سے جس قدر قرب جس حرف کو ہو اسی قدر وہ حرف اپنے مرتبہ میں اعلیٰ ہے چونکہ الف کو بہ نسبت اور حروف کے زیادہ قرب نقطہ سے ہے کیونکہ عین اسی نقطہ کے انبساط کا نام الف ہے۔ لہٰذا نقطہ الف ہے۔ اور الف نقطہ ہے۔ گویا الف نقطہ کے اعمال کی تفصیل ہے۔

پس الف کے لئے نقطہ ہی جزاء ہے۔ اور یہی جزا نیکی ہے جیسے حضرت یوسف ملک مصر تھے۔ اور ان کے بھائیوں کو معلوم نہیں تھا کہ یہ ملک مصر ہے۔ پس حضرت یوسف علیہ السلام مثل نقطہ کے تھے۔ اور ملک یعنی الف دکھائی دیتے تھے۔ اور دیگر حروف کو بہ نسبت الف کے نقطہ سے بُعد ہے۔ اگرچہ ہر حرف بھی وہی نقطہ ہے۔ لہٰذا یہ بعد بہ نسبت الف کے بسبب الف کے اقرب الی النقطہ ہونے کے بڑائی ہو گیا۔ اور یہ مکر ہے اس لئے کہ بعد کوئی چیز نہیں ہے۔ وہی نقطہ کا سریان مختلف انہاج سے ہے جس طرح بنیامین کو جو حضرت یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے۔ فی الواقع قرب حضرت یوسف یعنی سے تھا۔ اور اسی قرب کی وجہ سے حضرت یوسف علیہ السلام نے مکر کیا اور ان کو اپنے دین میں روک رکھا۔ جس کا وجود نہ تھا۔ اور یہی برائی بنیامین کی بسبب وہی بعد میں مبتلا ہے۔ اور انسان

کامل یعنی الف کو حق تعالےٰ سبحانہٗ سے بہ نسبت اور مخلوق کے عسلم اپنے اتحاد کا ہے جیسے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو عین اپنے ملک ہونے کا علم تھا۔ تو اگر سلوک میں اگر ہر حرف کا یعنی ہر شخص کا بعد وہمی دور ہو جاتے تو ہر شخص الف یعنی انسان کامل ہے اور یہ وہ نیکی جس کی جزا نقط حقیقت ہے۔

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ

کے یہی معنی ہیں۔ اس بیان سے ثابت ہوا کہ "راح" تو حقیقت روح ہے۔ یعنی روح الف ہے اور "راح نقطہ ہے۔ روح کے لئے امر ہے اور یہ ایک مخصوص امر ہے۔ جو فقط عالم ارواح کے لئے ہے۔ اور وہ امر "راح" کا روح ہو جاتا ہے۔ گویا روح کے لئے حرف "الف" مقرر ہے باقی تفصیل آپ پچھلے اوراق میں غور سے دیکھ کر سمجھ لیں۔ انشاءاللہ ایک ایسا جواب ملے گا۔ جو جفر کا منہ بولتا ثبوت ہوگا۔

احباب گرامی سے گذارش ہے کہ وہ اس سے پیچیدہ سوالات حل نہ کیا کریں۔ کیونکہ بعض دفعہ مستحصلہ ایسے حروف میں جواب دے رہا ہوتا ہے جو مہمل اور بغیر کسی معنی کے نظر آتے ہیں۔ مگر حقیقت میں وہ ایک بہترین جواب ہوتا ہے۔ اور بعض دفعہ سادہ حروف کا جواب جو سمجھ نہیں آتا۔ اس کی بھی یہی وجہ ہے۔ کہ گرچہ سوال تو ایک سادہ اور عام سا ہوتا ہے مگر اس کا جواب وضاحت سے آجاتا ہے مگر ایسے الفاظ میں ہوتا ہے۔ جو تشریح طلب ہوتے ہیں۔ امید ہے ان دو امثال سے آپ بخوبی قاعدہ سمجھ گئے ہونگے



# الجفرِ اسود

علم الجفر کی اقسام میں سے ایک اعلیٰ قسم جفر اسود بھی ہے ہم اس جفر پر کسی الگ کتاب میں سیر حاصل بحث کریں گے۔ اور اس کے مطلب و مفہوم کو واضح کریں گے۔ اس جگہ تو فقط اس قسم جفر کا ایک مستحصلہ بیان کرنا مقصود ہے۔ اصل جفر اسود تو چونکہ بہت اعلیٰ و ارفع شئے ہے اور اس کا بیان الگ ایک کتاب کا طلبگار رہے۔ اس جگہ ہم اس کا محض ایک ملخص شدہ معمولی قاعدہ تحریر کرتے ہیں۔ مگر اس معمولی کو معمولی مت سمجھیں یہ وہ قاعدہ ہے جو کئی قسم کے مستحصلات پر حاوی ہے اور ان سے سو درجے بہتر ہے۔

## طریقہ مستحصلہ:

اپنے سوال کو لکھ لیں۔ اور دیکھیں کہ یہ محوری یا مرکزی۔ اگر مرکزی ہے تو مندرجہ ذیل طریقہ پر عمل کریں۔

۱۔ سوال کے اعداد بذریعہ ابجدی قمری نکال لیں۔

۲۔ سوال کے کل حروف کی تعداد اس مجموعہ میں جمع کرو۔

۳۔ سوال میں آئے ہوئے کل نقاط کی تعداد شامل کریں

۴۔ حروف منقوط یعنی نقطہ والے حروف کی تعداد جمع کریں

۵۔ حروف غیر منقوط کی تعداد کو بھی اس مجموعہ میں شامل کریں۔ ان سب کا مجموعہ معلوم کریں۔ اور اس کے حروف ملفوظی بنالیں۔

۶ ــــ اب آپ سوال کو تلخیص کریں

۷ ــــ پھر ایک بار موخر صدر کریں۔

۸ ــــ اس سطر موخر صدر کے نیچے اپنے حروفِ ملفوظی کو لکھ دیں۔ اگر کم ہوں تو بار بار لکھیں اور اگر زیادہ ہوں تو آخری حروف یا حرف کو بغیر ملفوظی کئے لکھ دیں۔

۹ آپ کے پاس تین سطور ہوگئیں ۱۔ تلخیص سوال ۔ ۲۔ موخر صدر ۳۔ ملفوظی حروف ۔

۱۰ ــــ اوپر سے نیچے پہلے خانہ میں جو تین اعداد ہوں ان کو بذریعہ ایلغ جمع کریں ۔ اور ایک عدد بذریعہ استطاق حاصل کر کے چوتھی سطر میں لکھ لیں ۔ اسی طرح تمام سطر پر عمل کریں۔

۱۱ ــــ حروف مستخرجہ ۔ جو اعدادِ مفزرہ آپ کو بذریعہ استنطاق حاصل ہوئے ہوں ۔ ان کے حروف بنالیں ۔ یعنی بذریعہ ابجد قمری اس قیمت کا جو حرف ہو اسے لکھ دیں۔

۱۲ ــــ جو حروف مستخرجہ حاصل ہوں ۔ ان ابجد قمری میں دو بار ترفع کریں جو دوسری سطر ترفع ہے وہی مستحصلہ ہے اگر مستخرجہ میں حرف ب ہو تو ترفع (ب د ھ) ہوگا

۱۳ ــــ اس سطر کو ملفوظی کر کے لکھ لیں اور چار چار کی طرح سے ایک سطر مستحصلہ قوی کی پیدا کرے ۔ یہی سطر جواب ہے ۔ بذاتِ خود حروف جوابی ہوں گے ۔ بعض ساقط ہو جائیں گے ۔ کیونکہ مسلسل تکرار حذف ہو سکتی ہے



اور اگر کوئی ناطق نہ ہو تو اس کا نظیر ناطق ہوگا۔

۱۴ ــــ اگرچہ آپ کو پہلی ہی سطر میں جواب شافی مل جائے گا لیکن اگر مزید جواب لینا چاہیں تو اس سطر کو دوبار مزید ترفع دیں۔ یعنی جو سطر ترفع دوم ہے اسے دوبار مزید ترفع دیں۔ جو دوسری سطر حاصل ہو۔ اسے ملفوظی کر کے لکھ لیں اور حسب سابق ۴۔۴ کی طرح سے مستحصلہ قوی حاصل کریں۔ اور مزید جواب لیں۔ اور اگر اس سے زیادہ جواب لینا ہو تو اسی طرح آگے عمل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ وہی سطر مستخرجہ دوبارہ آجائے اس طریق سے ایک مفصل اور شاندار بہت جامع بھرپور جواب وصول ہوگا۔ جس سے طبیعت خوش ہو جائیگی اور اگر محوری سوال ہو تو اپنی سطر سوال کی تلخیص میں مندرجہ ذیل امور کے حروف بھی تلخیص کرلیں۔

۱ ــــ طالع شمسی ۲ ــــ طالع قمری ۴ ــــ ساعت

۵ ــــ تاریخ ، دن ، ماہ ، سنہ

اور انہی امور کے اعداد مدخل میں بھی جمع کریں۔ لیکن تعداد حروف اور نقاط وغیرہ میں شامل نہ کریں۔

**نوٹ** : چار چار کی طرح اس وقت دیتے رہیں جب تک کہ طرح آخری حروف پر ختم نہ ہو جائے۔

اب اس کی مثال میں اپنے ایک دوست اور شاگرد جناب غلام عباس اعوان صاحب کا سوال حل کر رہا ہوں اس مثال کو بغور دیکھیں انشاء اللہ آپ سمجھ جائیں گے۔

## مثال نمبر ۱ : کیا غلام عباس بن راجاں علم جفر سیکھ سکے گا ؟

| | | |
|---|---|---|
| اعدادِ سوال | = | ۲۱۷۱ |
| حروفِ سوال | = | ۳۳ |
| نقاط سوال | = | ۱۴ |
| حروف منقوط سوال | = | ۱۱ |
| حروف غیر منقوط سوال | = | ۲۲ |
| | | ۲۲۵۱ |
| | | ان رب غ |

| تلخیص سوال | ک | ی | ا | ب | ہ | س | ل | ط | ش | د | ر | ت | و | م | ق |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موخر صدر | ق | ک | م | ی | و | ا | ت | ب | ش | ر | د | س | ن | ل | ط |
| ملفوظی مخل | ط | ا | ر | ا | ج | ی | م | غ | ق | ن | ط | ا | ر | ا | ج |
| میزان مفرد | ۳ | ۴ | ۷ | ۴ | ۲ | ۸ | ۲ | ۳ | ۹ | ۲ | ۷ | ۲ | ۴ | ۸ | ۴ |
| مستخرجہ | ج | د | ز | د | ب | ح | ب | ج | ط | ب | ز | ب | د | ح | د |
| ترفع ۱ | د | ھ | ح | ھ | د | ط | ج | د | ی | د | ح | د | ھ | ط | ھ |
| ترفع ۲ | ھ | و | ط | و | ھ | ی | د | ھ | ک | ھ | ط | ھ | د | ی | و |
| ملفوظی | ھا | واؤ | طا | واؤ | ھا | یا | دال | ھا | الف | ھا | طا | ھا | واؤ | یا | واؤ |



| | |
|---|---|
| مستحصلہ طرح ۴ | ا و ا ا ا ط و ا ھ و ا ی ھ ف ا ا و ا<br>ا ھ ھ د ا د ا ھ ھ ک ا ا ی د |
| مستحصلہ حتمی ترتیب | ا د ا ا ظ ا د ھ و ا ی ا ف ھ<br>ا ا ط د و ا ھ ھ د و ا ا ک ھ ھ ا ا د ی |
| نظیرہ | س ر ا ا ث ا ر ھ و ا ی ا ج ھ ا<br>ا ث ر ر ا ھ د ھ ر ا س ک ھ ھ ا ا د ی |
| جواب | سہر آثار ہو آتے اچھا اثر راہ دہ راس کہہ آدے |

اس میں چونکہ چند حروف جو تکرار کرتے ہیں۔ وہ ساقط ہو جاتا کرتے ہیں۔ اور بعض حروف کو ترتیب دینا پڑتی ہے۔ اس لئے چند سطور فاضل درج کرنی پڑیں۔

# الجفر النور

علم الجفر کی اقسام میں سے ایک قسم جفر نور کی ہے۔ اگرچہ اصحاب اس علم سے بہت کم واقف ہیں۔ اور بعض بہت نامہم قلمی کتب میں ہی اس کا تھوڑا بہت ذکر موجود ہے۔ لیکن تفصیلاً کچھ درج نہیں ہے۔

جفر النور پر بھی ایک الگ کتاب ہونی چاہیے۔ جس میں اس جفر کی اعلیٰ قسم کی وضاحت ہو اور امید ہے کہ ہم اس موضوع پر بھی کسی الگ کتاب میں روشنی ڈالیں گے۔

اس جگہ اسی جفر کی قسم کا مستحصلہ اصغر یعنی تیسرے درجہ کا مستحصلہ جو اصل علم الجفر النور کا ملخص شدہ چھوٹا قاعدہ ہے اسے لکھ رہے ہیں۔ ہم اس کتاب میں چند اقسام جفر کے چھوٹے قواعد کا تذکرہ اس لئے کر رہے ہیں۔ کہ یہ کتاب ان اقسام کے اصل قواعد کی متحمل نہیں۔ کیونکہ ہر قسم اپنی وضاحت کے لئے ایک الگ کتاب کی طلبگار ہے۔ اسی لئے ہم ہر قسم پر ایک ایک مستحصلہ لکھ رہے ہیں۔ یہ قاعدہ میں اپنے دو دوستوں کو اس کتاب میں لکھنے سے قبل تعلیم کر چکا ہوں۔ اب ہم اس مستحصلہ کی وضاحت کر رہے



ہیں۔ آپ تدبر فرمائیں۔

**طریقہ مستحصلہ** اپنے سوال کو مکمل اور وضاحت سے لکھ لیں۔ اگر مجوری ہو تو تاریخ وغیرہ بھی لکھ کر مجوی کر لیں اب سوال کو ایک مخصوص ترتیب سے لکھنا ہے۔ غور سے بیان کو پڑھیں اور مثال پر نگاہ رکھیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے سوال کے پہلے لفظ کو لکھ لیں۔ اب اس کے نیچے بعد کے لفظ کے جتنے بھی حروف آئیں لکھ لیں اور جو بعد میں آئے اسے حروف مرکز کہیں گے اس کے بعد باقی لفظ کو مکمل کریں۔ اور پھر اس کے نیچے اس سے اگلا لفظ لکھیں اور اس کے حروف بھی جب پورے ہو جائیں۔ تو جو حروف فاضل ہو وہ حرف مرکز ہے۔ بیان سے تو شائد آپ کو یہ سمجھ نہ آئے۔ آپ مثال کو غور سے دیکھیں امید ہے دیکھ کر بخوبی سمجھ لیں گے۔ جب حروف مرکزی معلوم ہو جائیں تو سب حروف مرکز کے اعداد ایقغ لیں ان اعداد کو ایک سطر میں لکھ لیں۔ پھر اس کے نیچے اعداد سوال لکھیں اعداد سوال اس طرح لینے ہیں کہ جو اوپر نیچے دو سطور ہمیں حروف مرکز لینے کے لئے حاصل ہوئی تھیں۔ یعنی سوال کی سطور ان کے اعداد ایقغی جمع کر کے بار بار اعداد مرکز کے نیچے لکھنے ہیں۔

اس مثال کو دیکھ کر آپ بخوبی سمجھ لیں گے۔ پھر اوپر سے نیچے جتنی بھی سطور ہوں ان کو جمع کر لیں اور ایک عدد مفرد بذریعہ استنطاق بنالیں ان اعداد کو اعداد مجمل فردیہ کہتے ہیں۔ جو اعداد مجمل فردیہ حاصل ہوئے ہیں۔ ان کو احاد عشرات کے حساب سے حروف بنالیں میات کے حروف بنالیں۔ پھر ان

حروف کو موخر صدر کرلیں۔ اور دو بار ترفع کریں۔ دوسری سطر ترفع کو موخر صدر کریں۔ یہی سطر جواب ہے۔

اگر کوئی حرف غیر ناطق ہو تو بذریعہ نظیرہ ناطق ہوگا۔ اس پورے حل کو آپ مثال سے ہی صحیح سمجھ سکتے ہیں۔ کیونکہ مجھے احساس ہو رہا ہے۔ کہ الفاظ میں یہ طریقہ صحیح بیان نہیں ہو رہا۔ آپ ذرا غور کر کے مثال کو دیکھیں انشاءاللہ آپ ضرور اس قاعدہ پر عبور حاصل کرلیں گے۔ اور مستحصلہ کے سلسلے میں خود کفیل ہو جائیں گے۔ اس مثال میں اپنے ایک دوست کا سوال حل کر رہا ہوں۔ جو صوف کو علم جفر کی بہت لگن ہے۔

## مثال نمبر: ۱

سوال: کیا محمد سعید وارثی بن محمد رفیق علم جفر کا کوئی حقیقی مستحصلہ حاصل کرسکے گا ___؟

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ک ی ا | مرکز | س ع ی د | مرکز | ب ن | مرکز | د | مرکز | ی ق | مرکز |
| ۲ ح م | د | وارث | ی | ۲ ح | ۲ | ر | ف | ع ل | م |

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ج ف ر | مرکز | ء ی | مرکز | ق ی | مرکز | ح ص ل ھ | مرکز | ر | مرکز |
| ک ا ک | و | ح ق | ی | ۲ س | ت | ح ا ص ل | ک | س | ک |

| | | |
|---|---|---|
| ی | مرکز | |
| ک | ا | |

مرکزی حروف یہ ہوتے: د ی م ف م د ی ت ک ک ا

ان حروف کے اعداد: ۴ ۱ ۲ ۲ ۴ ۱ ۶ ۴ ۸ × ۱ ۲ ۲ ۴



یہ تو ہوئے مرکزی حروف کے اعداد اب ان کو لوحِ اساس مان کر اس کے نیچے ہم نے جو اعدادِ اساس لکھنے ہیں وہ یہ ہوں گے

(ک + م = ۶) (ی + ح = ۹) (ا + م = ۵) (س + د = ۳)

الخ اعداد یہ ہوتے ۶ ۹ ۵ ۳ الخ

ان اعدادِ سوال کو بار بار سطرِ لوح اساس کے نیچے لکھ کر پورا کرنا ہے اور جب یہ ختم ہو جائیں گے۔ تو ہم ان کو جمع کریں گے۔ مرکزی حروف میں ایک م حذف ہوا ہے۔ دراصل ایک حرف دوسرے حرف کو ایک کے فاصلے پر قطع کرتا ہے۔ اور ان دونوں کا مجموعہ وسط میں ہے یعنی (ف) اس لئے پہلا حرف قطع ہوا۔ اگر کسی مقام پر حروف کی ایسی حالت ہو تو ان میں سے ایک حذف ہو جاتے گا۔ مثلاً

(ک م ک) (ی ک ی) (ل س ل) الخ امید ہے کہ آپ اس کلیہ کو سمجھ گئے ہوں گے۔

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوحِ اساس | ۴ | ۱ | ۸ | ۴ | ۶ | ۱ | ۴ | ۲ | ۲ | ۱ |
| اعداد | ۶ | ۹ | ۵ | ۳ | ۸ | ۳ | ۹ | ۶ | ۴ | ۶ |
| سطر | ۸ | ۴ | ۵ | ۹ | ۴ | ۲ | ۵ | ۷ | ۷ | ۷ |
| اساس | ۱ | ۳ | ۸ | ۸ | ۳ | × | × | × | × | × |
| مجمل فردیہ | ۱ | ۸ | ۸ | ۶ | ۳ | ۴ | ۶ | ۴ | ۴ | ۵ |
| احاد و عشرات | ا | ف | ح | و | ج | ۲ | و | د | د | ن |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موخرصدر | ن | ا | د | ف | م | ح | د | س | م | ج |
| ترفع نمبر۱ | س | ب | ھ | ص | ن | ط | ز | ع | ن | د |
| ترفع نمبر۲ | ع | خ | و | ق | س | ی | ح | ف | س | ھ |
| موخرصدر | ھ | ع | س | ج | ف | د | ح | ق | ی | س |
| جواب نمبر۱ | ق | ب | ا | ج | ف | ر | ح | ق | ی | س |
| جواب نمبر۲ | × | ب | ا | ج | ف | ر | ح | ق | ی | س |
| جواب اوّل | قبا (ریا) جفر حق سے | | | | | | | | | |
| جواب دوم | پا جفر حق سے | | | | | | | | | |

(پاء جفر حق سے) گرچہ جواب صاف اور واضح ہے مگر اس میں دو مفہوم ہیں پہلا تو یہ کہ سعید وارثی حق یعنی خدا سے جفر پائے گا۔ اور دوسرا یہ ہے کہ خداوند تعالےٰ کی صفت حق کے تحت یعنی وہ صفت جو بندوں کو حقیقت تک پہنچاتی ہے اور انہیں یقین کی قوت سے مالامال کرتی ہے۔ اس صفت کے تحت حقیقی جفر پائے گا۔

## مثال نمبر: ۲

سوال : کیا بابر سلطان بن سرداراں علم جفر کو عام کریگا۔ ؟

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ک ی ا | مرکز ر | س ل ط ان | مرکز ا | ر ان | مرکز ج | ف ر | مرکز ع | ا م | مرکز ی |
| ب اب | | ب ن س ر د | | ع ل م | | ک و | | ک ر | |



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لوح اساس | ۲ | ۱ | ۳ | ۷ | ۱ |
| اعداد سطر اساس | ۴ | ۲ | ۳ | ۸ | ۸ |
| | ۶ | ۳ | ۹ | ۹ | ۴ |
| | ۹ | ۱ | ۸ | ۳ | ۶ |
| جمل مفرد | ۳ | ۷ | ۵ | ۹ | ۱ |
| احاد و عشرات | ج | ع | ھ | ص | ا |
| موخر صدر | ا | ج | ص | ع | ھ |
| ترفع نمبر۱ | ب | د | ق | ف | و |
| ترفع نمبر۲ | د | ھ | ر | ص | ز |
| موخر صدر | ز | ج | ص | ھ | ر |
| نظیرہ | ز | ج | د | ق | ر |
| جواب | جُزُ قدرِ | | | | |

جز قدر : جواب مختصر مگر جامع ہے۔ ہم نے سوال کیا تھا کہ کیا علم جفر کو عام کرے۔ تو جواب ہے (جُزُ قدر) یعنی جزوی عام کرے اور قدر کرے۔ مطلب ہے کہ پورا نہ کرے بلکہ جزوی طور پہ عام کرے۔

## مثال نمبر : ۳

اقبال بنت صدیقہ اپنے پہلے فرزند کا کیا نام رکھے۔ ؟

ا ق ب ا ل
ب ن ت ص د
ی

ا ق ھ
ا ب
ن

ی
ب
ھ

ل ی
ف ر
ز

ن د
ک ا
ک

ی ا
ن ا
م

ر ک ھ ی
ا ق ب ا
ل

| | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوح اساس | ۳ | ۴ | ۲ | ۷ | ۵ | ۵ | ۱ | لوح اساس |
| اعداد سطر اساس | ۷ | ۲ | ۷ | ۱ | ۶ | ۶ | ۳ | اعداد سطر اساس |
| | ۲ | ۶ | ۵ | ۷ | ۸ | ۲ | ۳ | |
| | × | × | × | ۲ | ۷ | ۳ | ۳ | |
| مجمل فردیہ | ۳ | ۳ | ۵ | ۸ | ۸ | ۷ | ۱ | مجمل فردیہ |
| احاد و عشرات | ل | خ | ھ | ف | خ | ع | ا | احاد و عشرات |
| موخر صدر | ف | ح | ھ | ع | ل | ا | ج | موخر صدر |
| ترفع ۱ | ص | ط | و | ف | م | ب | د | ترفع ۱ |
| ترفع ۲ | ق | ی | ز | ص | ن | ج | ھ | ترفع ۲ |
| موخر صدر | ص | ن | ز | ج | ی | ھ | ق | موخر صدر |
| جواب نیظرہ | ص | ن | ش | ف | ی | ق | ق | جواب نیظرہ |
| جواب ملفوظ | | نص | | | شفیق | | | جواب ملفوظ |



# الجفر الناطق

